100
شرعی مسائل کا مجموعہ
حصہ - 10
مصنف
ابو البنات
فراز عطاری مدنی
نظر ثانی: مفتی انس رضا قادری مدنی

ابو احمد مفتی انس رضا قادری دامت برکاتہم العالیہ

دار الافتاء اہلسنت لاہور

الحمدللہ **مولانا فراز مدنی صاحب** نے مختصر فتاوی کی تعداد ایک ہزار بہت ہی قلیل عرصے میں مکمل کی ہے۔میں اس کامیابی کی ان کو مبارکباد بھی دیتا ہوں اور ان کے لیے دعاگو ہوں کہ اللہ کریم ان کو مزید دین کی خدمت کرنے کی توفیق عطافرمائے۔ ہمارے فقہی گروپ میں سب سے زیادہ انہی کی خدمات ہیں اور ماشاء اللہ یہ ایک محقق عالم دین ہیں،ان کی تحریر میں بھی جان ہے۔

الحمد للہ اب تک 35 کتابیں پی ڈی ایف کی صورت میں آچکی ہیں جن میں سے 8 اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے رسالوں کی تلخیص ہیں۔

رسالوں کے نام یہ ہیں:

(1) نبی ہمارے بڑی شان والے (تجلی الیقین)
(2) والدین مصطفی جنتی جنتی (شمول الاسلام)
(3) دافع البلاء (الامن و العلی)
(4) نبی مختار کل ہیں (منیۃ اللبیب)
(5) دیدار خدا (منیۃ المنیۃ)
(6) نور مصطفی (صلات الصفا)
(7) سایہ نہیں کوئی (نفی الفیئ)
(8) رحمت کا سایہ (قمر التمام)

باقی کتابوں کے نام یہ ہیں:

(9) خلاصہ تراویح (30 پاروں کا اردو خلاصہ)
(10) ھدایۃ البریۃ فی شرح الاربعین النوویہ (اربعین نوویہ کا اردو خلاصہ)
(11) اعلی حضرت اور فن شاعری

(12)غزوہ بدر اور فضائل اہل بدر
(13) جنت البقیع میں آرام فرما چند صحابہ کرام
(14) درس سیرت
(15) پیارے نبی کے پیارے نام
(16) الادعیۃ النبویۃ من الاحادیث المصطفویہ(نبوی دعائیں)
(17) قواعد المیراث
(18) شان صدیق اکبر
(19) خلافت فاروق اعظم
(20) فیضان عثمان غنی
(21) سیرت عبد اللہ شاہ غازی
(22) قیام پاکستان اور علماء اہلسنت
(23) واقعہ کربلا(مختصر)
(24) عدت اور سوگ کے احکام
(25) رزق حلال کے فضائل اور حرام کی نحوستیں
(26) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 1)
(27) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 2)
(28) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 3)

(29) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 4)

(30) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 5)

(31) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 6)

(32) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 7)

(33) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 8)

(34) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 9)

(35) امیر اہلسنت اور فن شاعری

فہرست

عقائد و معمولات

احادیث و روایات

طهارت

نماز

سجدہ تلاوت

نماز جنازہ/کفن

روزہ/اعتکاف

31-حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیات میں کتنی بار روزے رکھے

32-عید الفطر کا روزہ

33-وضو کے لئے مسجد بیت سے نکلنا

34-کفارے سے بچنے کے لئے بیوی سے بوس و کنار

35-اعتکاف میں سگریٹ پینے کے لئے مسجد سے باہر جانا

36-جائے نماز میں مرد کا اعتکاف

37-روزے میں تھوک نگلنا

38-اعتکاف میں روزہ چھوڑ دیا

39-غسل خانہ فنائے مسجد میں ہو تو

40-معتکف کا مسجد میں تجارت کرنا

41-اعتکاف میں غسل کے لئے کمرے سے نکلنا

42-اعتکاف میں مسجد سے باہر جانے کی صورتیں

43-مسجد بیت میں بچے کا ڈائپر بدلنا

44-روزے کی نیت میں شک

45-افطار میں تاخیر

46-نیت کرنے کے بعد وقت کے اندر کھانا

47-روزے میں ناک میں پانی چڑھایا دماغ پہنچ گیا

48-گندم کی کٹائی کے وقت غبار حلق میں

49-روزے قے کے کچھ ذرات حلق سے نیچے

50-روزے میں وضو کے بعد منہ میں تری

51-اعتکاف میں مسجد میں غسل فرض ہوجائے

52-معتکف محراب مسجد میں

53-ایک ملک میں چاند نظر آیا دوسرے میں نہیں تو روزہ

54-شوال کے روزے کب سے رکھیں

55-روزے میں ہمبستری

زکوۃ/فطرہ

56-پوتے کو فطرہ

57-زکوۃ میں بے سلے کپڑے دینا

58-گروی رکھی ہوئی چیز کی زکوۃ

59-فطرے میں چاول دینا

60-زکوۃ کے پیسوں سے فلٹر پلانٹ لگانا

61-غیر مسلم کو زکوۃ یا فطرہ دینا
62-ایک شخص کا فطرہ چند لوگوں کو
63-عید سے پہلے فطرہ ادا کرنا
64-شوہر کو زکوۃ دینا
65-سونے کی زکوۃ سونے سے
66-ایڈوانس زکوۃ دینا
67-ایک ہی فرد سب گھر والوں کا فطرہ دے
68-فطرہ ایک ہی شخص کو دینا
69-امام کو زکوۃ یا فطرہ دینا
70-پالنے کے لئے پرندے ہوں تو زکوۃ
71-نابالغ کو فطرہ دینا
72-مہمان کا فطرہ
73-برتنوں پر زکوۃ
74-رخصتی سے پہلے عورت کا فطرہ
75-عشر مالک پر یا کاشت کار پر
76-تنخواہ کی مد میں عشر دینا

حج/عمرہ

77-شوال میں عمرہ
78-حج کب فرض ہوتا ہے

نکاح

79-چچا کے انتقال کے بعد چچی سے نکاح

قسم

80-میں قسم کھاتا ہوں سے قسم

جائز و ناجائز

81-نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو پیر و مرشد کہنا
82-جعلی ڈگری سے نوکری حاصل کرنا
83-پیر یا عالم کے ہاتھ چومنا
84-فوتگی کے بعد پہلی عید
85-بکری نے کتیا کا دودھ پیا
86-عدت میں چوڑیاں توڑنا
87-قبر میں عہد نامہ
88-شوہر کی اجازت سے آئی برو
89-بے حساب بخشش کی دعا
90-بگلا حلال ہے
91-بانڈز کی خرید و فروخت
92-بوسکی کپڑا پہننا
93-والد کی دوائیں استعمال کرنا

94-جانوروں کی حرمت کا قاعدہ
95-عفان نام رکھنا
96-جانور کا مغز کھانا
97-بے فارم میں عمر چھوٹی لکھوانا
98-عبد الرحمن کو رحمن بولنا

وراثت

99-بیوی دو بیٹے اور بیٹی میں وراثت میں تقسیم

متفرق

100-قلندر کا معنی

FARAZ ATTARI MADANI

عقائد و معمولات

1

عقیدہ ختم نبوت

سوال: عقیدہ ختم نبوت کا معنی کیا ہے؟ اس پر ایمان کی کیا اہمیت ہے؟ قرآن کی کس آیت میں حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو خاتم النبیین کہا ہے؟

USER ID: ارسلان عباس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

عقیدہ ختم نبوت سے مراد یہ ہے کہ نبی کریم محمد مصطفی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اللہ پاک کے آخری نبی ہیں اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے بعد کوئی نیا نبی نہیں آئے گا۔ یہ عقیدہ ضروریات دین سے ہے اور اس کا انکار تو دور کی بات اس میں شک کرنے والا بھی دائرہ اسلام سے خارج ہو جائے گا۔ اللہ پاک نے سورہ احزاب میں فرمایا: مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَاۤ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَ لٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِیّٖنَؕ-وَ كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا۠ (۴۰) ترجمہ: محمد تمہارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں کے آخر میں تشریف لانے والے ہیں اور اللہ سب کچھ جاننے والا ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

09 شوال المکرم 1444ھ 30 اپریل 2023ء

احادیث وروایات

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلی الک واصحابک یاحبیب اللہ

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

2 جوئے کے ناجائز ہونے کی دلیل

سوال: جوئے کے ناجائز ہونے کی دلیل بتادیں اور نقصانات بھی بتادیں؟

USER ID: وسیم انور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

جوئے کی حرمت قرآن کی صریح نص سے ثابت ہے اور اس کے نقصانات کو بھی قرآن نے بیان کیاہے جس میں یہ ہے کہ آپس میں عداوت و دشمنی پیدا ہوتی ہے۔ اللہ پاک فرماتا ہے: "یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَ الْمَیْسِرُ وَ الْاَنْصَابُ وَ الْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ(۹۰)" ترجمہ: اے ایمان والو! شراب اور جوا اور بت اور قسمت معلوم کرنے کے تیر ناپاک شیطانی کام ہی ہیں تو ان سے بچتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ (المائدہ:90) **تفسیر:** جوئے کی وجہ سے جوئے بازوں میں بغض، عداوت اور دشمنی پیدا ہو جاتی ہے اور بسا اوقات قتل و غارت گری تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ جوئے بازی کی وجہ سے مالدار انسان لمحوں میں غربت و افلاس کا شکار ہو جاتا ہے، خوشحال گھر بدحالی کا نظارہ پیش کرنے لگتے ہیں، اچھا خاصا آدمی کھانے پینے تک کا محتاج ہو کر رہ جاتا ہے، معاشرے میں اس کا بنا ہوا وقار ختم ہو جاتا ہے اور سماج میں اس کی کوئی قدر و قیمت اور عزت باقی نہیں رہتی۔ (صراط الجنان، جلد 3، صفحہ 22)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 رمضان المبارک 1444ھ / 10 اپریل 2023ء

3 آیت الخبیثات للخبیثین کی تفسیر

سوال: اس آیت کی تفسیر بتادیں اَلْخَبِیْثٰتُ لِلْخَبِیْثِیْنَ وَ الْخَبِیْثُوْنَ لِلْخَبِیْثٰتِۚ؟

USER ID: قاری عباس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اللہ پاک سورہ نور کی آیت 26 میں فرماتا ہے: "اَلْخَبِیْثٰتُ لِلْخَبِیْثِیْنَ وَ الْخَبِیْثُوْنَ لِلْخَبِیْثٰتِۚ-وَ الطَّیِّبٰتُ لِلطَّیِّبِیْنَ وَ الطَّیِّبُوْنَ لِلطَّیِّبٰتِۚ۔ ترجمہ: گندیاں گندوں کے لیے اور گندے گندیوں کے لیے اور ستھریاں ستھروں کے لیے اور ستھرے ستھریوں کے لیے۔ تفسیر: "آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ گندے کے لئے گندہ لائق ہے، گندی عورت گندے مرد کے لئے اور گندہ مرد گندی عورت کے لئے اور گندہ آدمی گندی باتوں کے درپے ہوتا ہے اور گندی باتیں گندے آدمی کا وَطیرہ ہوتی ہیں اور پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کیلئے ہیں اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کیلئے ہیں۔" (صراط الجنان، جلد6، صفحہ 603)

اس آیت کے متعلق بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ زانیہ کا نکاح زانی سے ہی ہو گا اور زانی کا زانیہ سے تو ایسا ہر گز نہیں، پہلے یہ حکم ضرور تھا مگر بعد میں اللہ پاک نے اجازت عطا فرمائی کہ زانی و زانیہ غیر زانی و غیر زانیہ سے نکاح کر سکتے ہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

19 رمضان المبارک 1444ھ / 10 اپریل 2023ء

4 نبی پاک ﷺ نے شہد نہ کھانے کی قسم کھائی

سوال: کیا ایسی کوئی روایت ہے کہ نبی پاک ﷺ نے شہد نہ کھانے کی قسم کھائی ہو؟

USER ID: مولانا الطاف مدنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

بخاری شریف کی حدیث پاک کا خلاصہ ہے: ”نبی کریم ﷺ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے یہاں شہد نوش فرماتے اور ان کے یہاں کچھ زیادہ دیر تشریف فرما رہتے تھے۔ ایک مرتبہ حضور ﷺ سے پوچھا گیا کہ کیا آپ ﷺ نے مغافیر تناول فرمایا ہے تو ارشاد فرمایا: ”نہیں، البتہ میں نے زینب بنت جحش کے یہاں شہد نوش فرمایا تھا تو ہرگز میں دوبارہ ایسا نہیں کروں گا اور میں نے اس پر قسم کھائی، تم اس بات کی کسی اور کو خبر مت دینا۔ (بخاری، حدیث 4912)

اس پر اللہ پاک نے سورہ تحریم کی پہلی آیت نازل فرمائی جس میں سوال کرنے والوں کے قصور کو معاف فرمادیا اور آپ ﷺ کو قسم کا کفارہ ارشاد فرمایا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

21 رمضان المبارک 1444ھ / 12 اپریل 2023ء

5

فجر کی نماز میں اجالے میں پڑھنا

سوال: اس حدیث پاک کا عربی متن اور حوالہ بتادیں "فجر کی نماز اجالے میں پڑھو"؟

USER ID: حبیب رضا مصباحی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

مختلف کتابوں میں یہ روایت موجود ہے۔ چنانچہ نسائی شریف میں ہے: "اسفروا بالفجر" ترجمہ: فجر کی نماکو اجالے میں ادا کرو۔ (نسائی، حدیث 548)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ / 13 اپریل 2023ء

6

وہ ہم میں سے نہیں کا معنی

سوال: اس طرح کی احادیث ہیں جس میں بیان کیا گیا ہوتا ہے وہ ہم میں سے نہیں، اس کا معنی کیا ہے؟

USER ID:رجب رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شارحینِ حدیث نے اس کی مختلف وضاحتیں کی ہیں مثلا وہ ہم میں سے نہیں کا معنی ہمارے طریقے پر نہیں، ہماری دی ہوئی ہدایت پر چلنے والا نہیں وغیرہ۔ مکتبہ المدینہ کی کتاب "وہ میں سے نہیں" میں اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "حضرت علامہ بدرالدین عینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس سے مراد یہ ہے کہ وہ ہماری سیرت پر عمل پیرا نہیں، ہماری دی ہوئی ہدایت پر گامزن نہیں اور ہمارے اخلاق سے آراستہ نہیں۔"
(وہ ہم میں سے نہیں، صفحہ 2)

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "ہماری جماعت سے یا ہمارے طریقہ والوں سے یا ہمارے پیاروں سے نہیں یا ہم اس سے بیزار ہیں وہ ہمارے مقبول لوگوں میں سے نہیں، یہ مطلب نہیں کہ وہ ہماری امت یا ہماری ملت سے نہیں کیونکہ گناہ سے انسان کافر نہیں ہوتا، ہاں! جو حضرات انبیائے کرام کی توہین کرے وہ اسلام سے خارج ہے۔"
(مرآۃ المناجیح، جلد6، صفحہ 560)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

7 حضرت علی سے بیس رکعت تراویح کا ثبوت

سوال: کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بیس رکعت تراویح کا ثبوت ہے؟

USER ID: آصف زمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بیس رکعت تراویح کا ثبوت ملتا ہے۔ چنانچہ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نقل کرتے ہیں: ”عبد الرحمٰن السلمی سے روایت ہے کہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے رمضان میں قاریوں کو بلا کر ان میں سے ایک قاری کو حکم دیا کہ وہ انھیں بیس رکعت پڑھائے، وہ کہتے ہیں سیدنا علی انھیں وتر پڑھایا کرتے تھے۔“ (السنن الکبری للبیہقی، جلد 2، صفحہ 496)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 شوال المکرم 1444ھ 29 اپریل 2023ء

8 مردوں کو دفنانا چھوڑ دو

سوال: کیا ایسی کوئی روایت ہے کہ اگر تم مردوں کا عذاب دیکھ لو تو ان کو دفنانا چھوڑ دو؟

USER ID:شاکر خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایک طویل حدیث پاک ہے جس کا ایک جزیہ بھی ہے: "إن ھذہ الأمة تبتلى فى قبورھا، فلولا أن لا تدافنوا لدعوت اللہ أن يسمعكم من عذاب القبر الذى اسمع منه" ترجمہ: بے شک اس امت کو قبر میں آزمائش میں مبتلا کیا جاتا ہے، اگر مجھے یہ خوف نہ ہوتا کہ تم اپنے مردوں کو دفنانا چھوڑ دو گے تو میں اللہ سے دعا کرتا کہ وہ تمہیں عذاب قبر میں سے وہ سنا سے جو میں سنتا ہوں۔ (مسلم، حدیث 2867)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ
ابوالبنات فراز عطاری مدنی
11 شوال المکرم 1444ھ 02 مئی 2023ء

طہارت

9

شرعی معذور کا وضو

سوال: شرعی معذور نے اگر تہجد کے لئے وضو کیا تو کیا اس سے فجر کی نماز پڑھ سکتا ہے؟

USER ID: ابراہیم قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

شرعی معذور کا وضو فرض نماز کا وقت ختم ہوتے ہی ٹوٹ جاتا ہے لہذا اگر اس نے تہجد کے لئے وضو کیا تو اس وضو سے فجر کی نماز نہیں پڑھ سکتا کیونکہ جیسے ہی صبح صادق ہو گی اس کا وضو ٹوٹ جائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: ”فرض نماز کا وقت جانے سے معذور کا وُضو ٹوٹ جاتا ہے جیسے کسی نے عصر کے وقت وُضو کیا تھا تو آفتاب کے ڈوبتے ہی وُضو جاتا رہا۔“ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 386)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 شوال المکرم 1444ھ 29 اپریل 2023ء

10

سگریٹ پینے سے وضو

سوال: کیا سگریٹ پینے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟ تحریری فتوی عنایت کریں۔

USER ID:عثمان محی الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

سگریٹ پینے سے وضو نہیں ٹوٹتا البتہ منہ میں بو ہو تو مسجد کا داخلہ جائز نہیں اور اس حالت میں نماز پڑھنا بھی مکروہ ہے۔ فتاوی فیض الرسول میں ہے: ”خوب منہ صاف کرنے کے بعد مسجد میں داخل ہو اس لئے کہ بیڑی اور سگریٹ وغیرہ کی بو جب تک کہ باقی ہو مسجد میں داخل ہونا جائز نہیں۔“ (فتاوی فیض الرسول جلد 1، صفحہ 478)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی
10 شوال المکرم 1444ھ 01 مئی 2023ء

11

شرمگاہ دیکھنے سے وضو

سوال: کیا اپنی شرمگاہ پر نظر پڑ جائے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

USER ID:خالد حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اپنی یا کسی کی شرمگاہ دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹتا البتہ بیوی / شوہر کے علاوہ کسی کی شرمگاہ دیکھنا جائز نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "عوام میں جو مشہور ہے کہ گھٹنا یا اور ستر کھلنے یا اپنا یا پرایا ستر دیکھنے سے وُضو جاتا رہتا ہے محض بے اصل بات ہے۔ ہاں وُضو کے آداب سے ہے کہ ناف سے زانو کے نیچے تک سب ستر چھپا ہو بلکہ استنجے کے بعد فوراً ہی چھپا لینا چاہیئے کہ بغیر ضرورت ستر کھلا رہنا منع ہے اور دوسروں کے سامنے ستر کھولنا حرام ہے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 309)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 شوال المکرم 1444ھ 02 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

12 بغیر نیت کے وضو

سوال: کیا بغیر نیت کے وضو ہو جائے گا؟ اگر کوئی بارش میں کھڑا ہو اور اعضائے وضو دھل گئے تو وضو ہو جائے گا؟

USER ID: ضیاء الحق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

وضو میں نیت کرنا فرض نہیں بلکہ سنت ہے، اگر کسی نے بغیر نیت وضو کیا تو وضو ہو جائے گا البتہ وضو کا ثواب حاصل نہیں ہو گا، مثلا بارش میں نہایا اور اعضائے وضو دھل گئے یا نہر وغیرہ میں غوطہ لگایا تو بھی وضو ہو جائے گا۔ ھدایہ میں ہے: "فالنیۃ فی الوضوء سنۃ عندنا" ترجمہ: ہمارے نزدیک وضو میں نیت کرنا (فرض نہیں) سنت ہے۔ (ھدایہ، جلد 1، صفحہ 22)

بہار شریعت میں ہے: "وضو پر ثواب پانے کے لیے حکم الٰہی بجالانے کی نیت سے وُضو کرنا ضرور ہے ورنہ وُضو ہو جائے گا ثواب نہ پائے گا۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 393)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 شوال المکرم 1444ھ 02 مئی 2023ء

نماز

13 دو دن کے لئے وطن اصلی میں آئے تو نماز

سوال: ایک شخص دوسرے شہر 4 مہینے کے لئے گیا اور 10 دن بعد 2 دن کے لئے اپنے آبائی شہر آیا تو آبائی شہر میں کون سی نماز ادا کرے گا؟

USER ID:محمد زاہد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اپنے آبائی شہر میں آکر پوری نماز ادا کرے گا کیونکہ وطن اصلی میں آتے ہی آدمی مقیم ہو جاتا ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "مسافر جب وطن اصلی میں پہنچ گیا سفر ختم ہو گیا اگرچہ اقامت کی نیت نہ کی ہو۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 751)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک 1444ھ / 11 اپریل 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

14 وتر کی جماعت میں مقتدی تاخیر سے آیا

سوال: اگر وتر کی جماعت میں مقتدی ایک یا دو رکعت کے بعد آیا تو دعائے قنوت کب پڑھے؟

USER ID: عمران

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی وتر میں ایک یا دو رکعت کے بعد آیا تو دعائے قنوت امام کے ساتھ ہی پڑھے گا اور اگر وتر کی تیسری رکعت کے رکوع میں شامل ہوا تو اب دعائے قنوت بعد میں بھی نہیں پڑھے گا۔ بہار شریعت میں ہے: "مسبوق امام کے ساتھ قنوت پڑھے بعد کو نہ پڑھے اور اگر امام کے ساتھ تیسری رکعت کے رکوع میں ملا ہے تو بعد کو جو پڑھے گا اس میں قنوت نہ پڑھے۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 657)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ / 13 اپریل 2023ء

15

عید کے دن اشراق چاشت

سوال: عید کے دن اشراق وچاشت کے نوافل پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ USER ID:محمد ارشد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عوام اگر نمازِ عید سے پہلے غیر مکروہ وقت میں نوافل ادا کریں تو انہیں منع نہیں کیا جائے گا البتہ خواص کے لئے حکم ہے کہ نمازِ عید سے پہلے نوافل ادا نہ کریں کہ ان کے لئے مکروہ ہے، نہ گھر میں نہ عید گاہ میں، نماز عید کے بعد گھر میں نوافل کی ادائیگی مستحب ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "نماز عید سے قبل نفل نماز مطلقاً مکروہ ہے، عید گاہ میں ہو یا گھر میں اس پر عید کی نماز واجب ہو یا نہیں، یہاں تک کہ عورت اگر چاشت کی نماز گھر میں پڑھنا چاہے تو نماز ہو جانے کے بعد پڑھے اور نماز عید کے بعد عید گاہ میں نفل پڑھنا مکروہ ہے، گھر میں پڑھ سکتا ہے بلکہ مستحب ہے کہ چار رکعتیں پڑھے۔ یہ احکام خواص کے ہیں، عوام اگر نفل پڑھیں اگرچہ نماز عید سے پہلے اگرچہ عید گاہ میں انھیں منع نہ کیا جائے۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 781)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 رمضان المبارک 1444ھ / 15 اپریل 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

16 نماز میں دھکا لگنے سے گر جائیں

سوال: اگر نماز میں دھکا لگنے سے گر جائیں تو نماز ہو گی یا نہیں؟

USER ID: شمعون رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں نمازی کا سینہ قبلہ رخ ہونا ضروری ہے، اگر بغیر ارادے کے کسی سبب سے سینہ قبلے سے پھر جائے اور تین تسبیح کی مقدار گزرنے سے پہلے واپس قبلے کو رخ کر لیا جائے تو نماز فاسد نہیں ہو گی۔ بہار شریعت میں ہے: "مصلی نے قبلہ سے بلا عذر قصداً سینہ پھیر دیا، اگرچہ فوراً ہی قبلہ کی طرف ہو گیا، نماز فاسد ہو گئی اور اگر بلا قصد پھر گیا اور بقدر تین تسبیح کے وقفہ نہ ہوا، تو ہو گئی۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 419)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 رمضان المبارک 1444ھ / 19 اپریل 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

17

التحیات میں انگلی اٹھانا

سوال: تشہد (التحیات) میں اگر کوئی انگلی نہ اٹھائے تو کیا حکم ہے؟

USER ID: حافظ علی اصغر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

تشہد میں انگلی اٹھانا سنت ہے اگر کسی نے جان کر بھی نہ اٹھائی تو نماز ہو جائے گی مگر نہ اٹھانا خلاف سنت ہے۔ بہار شریعت میں نماز کی سنتوں میں ہے: "شہادت پر اشارہ کرنا (سنت ہے)، یوں کہ چھنگلیا اور اس کے پاس والی کو بند کر لے، انگوٹھے اور بیچ کی اُنگلی کا حلقہ باندھے اور لَا پر کلمہ کی انگلی اٹھائے اور اِلَّا پر رکھ دے اور سب اُنگلیاں سیدھی کر لے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 530)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29 رمضان المبارک 1444ھ 20 اپریل 2023ء

18

عید کی نماز کا وقت

سوال: کیا فجر کی نماز کے بعد سورج طلوع ہونے سے پہلے عید کی نماز پڑھ سکتے ہیں؟

USER ID: محمد ابو بکر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عید کی نماز کا وقت سورج طلوع ہونے کے 20 منٹ بعد شروع ہوتا ہے، اگر کسی نے اس سے پہلے ادا کی تو نہیں ہو گی۔ بہار شریعت میں ہے: "نماز (عید) کا وقت بقدر ایک نیزہ آفتاب بلند ہونے سے ضحوۂ کبریٰ یعنی نصف النہار شرعی تک ہے، مگر عید الفطر میں دیر کرنا اور عید اضحی میں جلد پڑھ لینا مستحب ہے اور سلام پھیرنے کے پہلے زوال ہو گیا ہو تو نماز جاتی رہی۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 781)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 رمضان المبارک 1444ھ 20 اپریل 2023ء

19

جمعہ کے بعد والی سنتیں

سوال: جمعہ کے فرض کے بعد والی سنتیں مؤکدہ ہیں یا غیر مؤکدہ؟

USER ID:مسافر خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جمعہ کے فرض کے بعد والی چار سنتیں مؤکدہ ہیں اور اس کے بعد والی دو سنتیں غیر مؤکدہ۔ در مختار میں ہے: "وسن مؤکدا۔۔اربع قبل الجمعة واربع بعدھا بتسلیمة" ترجمہ: جمعہ سے پہلے اور جمعہ کے بعد ایک سلام کے ساتھ چار رکعات سنتِ مؤکدہ ہیں۔

(در مختار صفحہ 91)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

20

ہاف آستین میں نماز

سوال: ہاف آستین میں نماز پڑھنا کیسا؟

USER ID: فرحان احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ہاف آستین میں نماز ہو جائے گی لیکن جو شخص ہاف آستین پہن کر معزز لوگوں میں جانا پسند نہیں کرتا اس کے لئے اس میں نماز مکروہ تنزیہی ہے۔ وقار الفتاوی میں ہے: "ہاف آستین والا کرتا، قمیص یا شرٹ کام کاج کرنے والے لباس میں شامل ہیں اس لئے جو ہاف آستین والا کرتا پہن کر دوسرے لوگوں کے سامنے جانا گوارا نہیں کرتے، ان کی نماز مکروہِ تنزیہی ہے اور جو لوگ ایسا لباس پہن کر سب کے سامنے جانے میں کوئی برائی محسوس نہیں کرتے، ان کی نماز مکروہ نہیں۔"

(وقار الفتاوی، جلد 2، صفحہ 246)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

21 امام رکوع میں قراءت ختم کرے

سوال: ایسا امام جو رکوع میں قراءت ختم کرتا ہو اور تعدیل ارکان درست نہ کرتا ہو اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا؟

USER ID: محمد زبیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

رکوع میں قراءت ختم کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ اسی طرح تعدیل ارکان نہ کرنا یعنی قومہ وجلسہ، رکوع و سجود میں کم از کم ایک بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار نہ ٹھہرنا واجب کا ترک ہے اور جان کر واجب چھوڑنا ناجائز ہے۔ اگر کوئی امام جان کر ایسا کرتا ہو تو اس کے پیچھے نماز پڑھنا جائز نہیں، اگر پڑھی تو گناہ گار ہوئے اور نماز دوبارہ پڑھنا واجب ہے۔ فتاوی تاج الشریعہ میں ہے: "اگر واقعی وہ امام تعدیل ارکان نہیں کرتا تو امامت اس کی مکروہ تحریمی ہے اور اس کے پیچھے نماز واجب الاعادہ ہے۔" (فتاوی تاج الشریعہ، جلد4، صفحہ 109)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

22

طیرا ابابیل پڑھنا بھول گئے

سوال: امام صاحب نے سورہ فیل پڑھی اور "طیرا ابابیل" پڑھنا بھول گئے، نماز کا کیا حکم ہو گا؟

USER ID:عباس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

سورہ فیل میں "طیرا ابابیل" پڑھنا بھول گئے تو بھی نماز ہو جائے گی کہ اس صورت میں معنی فاسد نہیں ہو رہا۔ بہار شریعت میں ہے: "کسی کلمہ کو چھوڑ گیا اور معنی فاسد نہ ہوئے۔۔۔تو نماز فاسد نہ ہوئی۔"

(بہار شریعت، جلد1، صفحہ 555)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

23

حنفی امام کا شافعی وقت میں جماعت کروانا

سوال: کیا حنفی امام شافعی وقت کے مطابق عصر کی جماعت کرواسکتا ہے؟

USER ID:عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

حنفی کو جائز نہیں کہ وہ شافعی وقت کے مطابق یعنی مثل اول میں نماز عصر کی جماعت کروائے، اگر کروائی تو کسی کی نماز نہیں ہو گی اور یہ نماز ذمہ پر فرض رہے گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "یہی (مثل ثانی میں وقت عصر ہونا) مذہب امام ہے اور مذہب امام اعظم پر عمل واجب جب تک کوئی ضرورت اس کے خلاف پر باعث نہ ہو۔۔۔ اسی میں احتیاط ہے کہ مثل اول میں عصر پڑھی تو ایک مذہب جلیل پر فرض ذمہ سے ساقط نہ ہوا پڑھی بے پڑھی برابر رہی اور بعد مثل ثانی پڑھی تو بالاتفاق صحیح و کامل ادا ہوئی۔"

(فتاوی رضویہ، جلد 5، صفحہ 136)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلیٰ آلک واصحابک یا حبیب اللہ

AL RAZA QURAN-O-FIQH ACADEMY

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

24 نماز میں آیت بدل دی

سوال: امام صاحب یہ آیت مبارکہ پڑھ رہے تھے وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌؕ-بَلْ اَحْیَآءٌ وَّ لٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ؟ اس کی جگہ انہوں نے پڑھا بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ یُرْزَقُوْنَۙ، نماز کا کیا حکم ہو گا؟

USER ID: رجب رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

معلوم کی گئی صورت میں نماز ہو گئی کیونکہ اس صورت میں معنی فاسد نہیں ہوا بلکہ قرآن پاک ہی میں جہاں شہیدوں کی ایک اور شان بیان کی گئی ہے، امام صاحب نے وہ پڑھ دی لہذا نماز ہو گئی۔ بہار شریعت میں ہے: "اس باب میں قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ اگر ایسی غلطی ہوئی جس سے معنی بگڑ گئے، نماز فاسد ہو گئی، ورنہ نہیں۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 554)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

25

سورہ فاتحہ کی جگہ سورت

سوال: اگر امام نے سورہ فاتحہ کی جگہ سورت شروع کردی اور سورت پڑھنے کے دوران یاد آگیا تو کیا کرے؟

USER ID: تصور حسین عباسی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر سورہ فاتحہ کی جگہ سورت شروع کردی تو یاد آنے پر سورہ فاتحہ پڑھے پھر سورت ملائے اور آخر میں سجدہ سہو کرے۔ بہار شریعت میں ہے: "الحمد پڑھنا بھول گیا اور سورت شروع کردی اور بقدر ایک آیت کے پڑھ لی اب یاد آیا تو الحمد پڑھ کر سورت پڑھے اور سجدہ واجب ہے۔ یوہیں اگر سورت کے پڑھنے کے بعد یا رکوع میں یا رکوع سے کھڑے ہونے کے بعد یاد آیا تو پھر الحمد پڑھ کر سورت پڑھے اور رکوع کا اعادہ کرے اور سجدۂ سہو کرے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 711)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی
08 شوال المکرم 1444ھ 29 اپریل 2023ء

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلی آلک واصحابک یاحبیب اللہ
AL RAZA QURAN-O-FIQH ACADEMY
قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز
آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

26

امام کا معروف قراءت کے علاوہ پڑھنا

سوال: امام کا رائج قراءت کے علاوہ قراءت کرنا کیسا؟

USER ID: محمد اسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

جس جگہ جو قراءت معروف ہے وہاں کے لوگوں کو وہی پڑھنے کا حکم ہے بالخصوص لوگوں کے سامنے غیر معروف قراءت نہ کی جائے کہ اس میں ان کے دین کا تحفظ ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "ساتوں قرآتیں جائز ہیں، مگر اولیٰ یہ ہے کہ عوام جس سے ناآشنا ہوں وہ نہ پڑھے کہ اس میں ان کے دین کا تحفظ ہے، جیسے ہمارے یہاں قراءت امام عاصم بروایتِ حفص رائج ہے، لہذا یہی پڑھے۔"
(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 547)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی
09 شوال المکرم 1444ھ 30 اپریل 2023ء

27

تکبیر تحریمہ فرض اور اللہ اکبر کہنا واجب

سوال: نماز کے احکام میں لکھا ہے کہ تکبیر تحریمہ میں اللہ اکبر کہنا واجب ہے تو فرض کیا ہے؟

USER ID: قاری ادریس قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

نماز میں مطلقا تکبیر تحریمہ کہنا فرض ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ خالص تعظیم الہی والے کسی بھی لفظ سے نماز کی ابتدا کی تو نماز شروع ہو جائے گی مگر تکبیر تحریمہ میں اللہ اکبر کہنا واجب ہے کہ اگر اللہ اکبر کی جگہ کوئی اور تعظیم الہی کا لفظ کہا تو ترک واجب ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: "اللہ اکبر کی جگہ کوئی اور لفظ جو خالص تعظیم الٰہی کے الفاظ ہوں۔ مثلا اَللہُ اَجَلُّ یا اَللہُ اَعْظَمُ یا اَللہُ کَبِیْرٌ یا اَللہُ الْاَکْبَرُ یا اَللہُ الْکَبِیْرُ یا اَلرَّحْمٰنُ اَکْبَرُ یا اَللہُ اِلٰہٌ یا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ یا سُبْحَانَ اللہُ یا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ یا لَا اِلٰہَ غَیْرُہٗ یا تَبَارَکَ اللہُ وغیرہا الفاظ تعظیمی کہے، تو ان سے بھی ابتدا ہو جائے گی مگر یہ تبدیل مکروہ تحریمی ہے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 509)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 شوال المکرم 1444ھ 02 مئی 2023ء

سجدہ تلاوت

28

سجدہ تلاوت فورا کرنا

سوال: کیا سجدہ تلاوت فورا کرنا ضروری ہے؟ اگر کسی وجہ سے نہ کر سکے تو کیا حکم ہے؟

USER ID: ہانی احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر آیت سجدہ بیرون نماز پڑھی تو بعد میں بھی سجدہ کر سکتے ہیں فورا کرنا ضروری نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "اس وقت اگر کسی وجہ سے سجدہ نہ کر سکے تو تلاوت کرنے والے اور سامع کو یہ کہہ لینا مستحب ہے سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 733)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 رمضان المبارک 1444ھ / 15 اپریل 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

29

قرآن پاک میں سجدے

سوال: قرآن پاک میں کتنے سجدے ہیں اور کہاں ہیں؟

USER ID: شاہ نواز بابر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قرآن پاک میں ٹوٹل 14 سجدے ہیں اور احناف کے نزدیک مندرجہ ذیل سورتوں میں ہیں۔

(1) پارہ 9 سورۃ الاعراف آیت 206 (2) پارہ 13 سورۃ الرعد آیت 15 (3) پارہ 14 سورۃ النحل آیت 49 (4) پارہ 15 سورۃ بنی اسرائیل آیت 109 (5) پارہ 16 سورۃ مریم آیت 58 (6) پارہ 17 سورۃ الحج آیت 18 (7) پارہ 19 سورۃ الفرقان آیت 60 (8) پارہ 10 سورۃ النمل آیت 26 (9) پارہ 21 سورۃ السجدہ آیت 15 (10) پارہ 23 سورۃ ص آیت 25 (11) پارہ 24 سورۃ حم السجدہ آیت 38 (12) پارہ 27 سورۃ النجم آیت 62 (13) پارہ 30 الانشقاق آیت 21 (14) پارہ 30 سورۃ العلق آیت 19

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 رمضان المبارک 1444ھ / 10 اپریل 2023ء

نماز جنازہ / کفن

30

کسی اور رنگ کا کفن

سوال: کسی اور رنگ کا کفن دینا کیسا؟

USER ID: محمد عباس گجر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

سفید رنگ کا کفن دینا بہتر ہے کہ حدیث پاک میں اس کی ترغیب ہے لیکن کسی اور رنگ کا دینا بھی جائز ہے البتہ جس رنگ کا رنگا ہوا کپڑا دنیا میں مرد کو پہننا جائز نہیں اس کا کفن دینا بھی جائز نہیں۔ جہاں سفید کے علاوہ کوئی رنگ معروف نہ ہو وہاں سفید رنگ ہی کا دیا جائے تاکہ لوگ باتیں نہ بنائیں۔ بہار شریعت میں ہے: "سفید کفن بہتر ہے۔۔۔ جو کپڑا زندگی میں پہن سکتا ہے اس کا کفن دیا جا سکتا ہے اور جو زندگی میں ناجائز اس کا کفن بھی ناجائز۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 819)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ / 13 اپریل 2023ء

روزہ / اعتکاف

31 حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیات میں کتنی بار روزے رکھے

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیات میں کتنی مرتبہ روزوں کا اہتمام فرمایا؟

USER ID:وقاص تولی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے شعبان 2 ہجری میں فرض ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال شریف ربیع الاول 11 ہجری میں ہوا،اس اعتبار سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے 9 مرتبہ روزوں کا اہتمام فرمایا۔ سیرت مصطفی میں ہے:"اسی سال (2 ہجری میں) روزہ اور زکوۃ کی فرضیت کا احکام نازل ہوئے۔" (سیرت مصطفی، صفحہ 249)

اسی کتاب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات اقدس کو 11ویں ہجری کے واقعات میں بیان کیا گیا ہے۔ (صفحہ 542)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

09 شوال المکرم 1444ھ 30 اپریل 2023ء

32

عید الفطر کا روزہ

سوال: عید الفطر پہلی شوال کا روزہ رکھنا کیسا؟

USER ID: ثاوب علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

عید الفطر یعنی پہلی شوال کا روزہ مکروہ تحریمی ناجائز ہے کیونکہ یہ اللہ پاک کی طرف سے بندوں کی مہمانی کا دن ہے۔ حدیث پاک میں ہے: "لا صوم یومین یوم الفطر و یوم النحر" ترجمہ: عید الفطر اور عید الاضحی کے دن کوئی روزہ نہیں۔ (دارمی، حدیث 1794)

بہار شریعت میں ہے: "مکروہِ تحریمی جیسے عید اور ایام تشریق کے روزے۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 967)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی
19 رمضان المبارک 1444ھ / 10 اپریل 2023ء

33

وضو کے لئے مسجد بیت سے نکلنا

سوال: عورت اعتکاف میں ہو تو وضو کرنے کے لئے واش روم جا سکتی ہے؟

USER ID: محمد احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حاجت طبعی کے لئے عورت کو مسجد بیت سے نکلنا جائز ہے اور وضو کے لئے واش روم جانا حاجت طبعی کے لئے جانا ہے لہذا اعتکاف نہیں ٹوٹے گا البتہ یہ یاد رہے کہ بلا عذر قریب والے واش روم کو چھوڑ کر دور والے میں نہیں جا سکتی۔ مفتی ہاشم صاحب لکھتے ہیں: ”عورت صرف حاجت طبعی (یعنی وضو، استنجا، وغیرہ) کے لئے مسجد بیت سے نکل سکتی ہے۔۔۔ بلا عذر قریب کا واش روم کو چھوڑ کر دور والے واش روم میں نہ جائے۔“

(احکام تراویح و اعتکاف، صفحہ 191)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 رمضان المبارک 1444ھ / 10 اپریل 2023ء

34

کفارے سے بچنے کے لئے بیوی سے بوس و کنار

سوال: اگر کسی نے کفارے سے بچنے کے لئے بیوی سے بوس و کنار کیا تا کہ انزال سے روزہ ٹوٹ جائے تو کیا حکم ہو گا؟

USER ID: شکیل احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

معلوم کی گئی صورت میں کفارہ لازم ہو گا کیونکہ کفارہ لازم نہ ہونے میں یہ بھی شرط ہے کہ معصیت کا قصد یعنی نافرمانی کا ارادہ نہ ہو، اگر معصیت کا قصد ہو تو کفارہ لازم ہو گا اور معصیت کے قصد سے مراد ہی یہ ہے کہ کسی ایسے کام سے روزہ توڑنا اس نیت سے کہ کفارہ لازم نہ آئے۔ بہار شریعت میں ہے: "جن صورتوں میں روزہ توڑنے پر کفّارہ لازم نہیں ان میں شرط ہے، کہ ایک ہی بار ایسا ہوا ہو اور معصیت کا قصد نہ کیا ہو، ورنہ اُن میں کفّارہ دینا ہو گا۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 992)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک 1444ھ / 11 اپریل 2023ء

35

اعتکاف میں سگریٹ پینے کے لئے مسجد سے باہر

سوال: معتکف سگریٹ پینے کے لئے مسجد سے باہر نکلا تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا؟

USER ID: عادل علی عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عین مسجد میں سگریٹ پینا جائز نہیں، اسی طرح فنائے مسجد میں ایسی جگہ سگریٹ پینا جہاں سے مسجد میں بدبو آئے جائز نہیں، اگر سگریٹ پینے کے لئے کوئی خارج مسجد گیا تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا اور گناہ گار بھی ہو گا کیونکہ سگریٹ پینا ایسا عذر نہیں جس کی وجہ سے مسجد سے باہر جانے کی اجازت ہو۔ بہار شریعت میں ہے: "اعتکاف سنت بھی بغیر عذر نکلنے سے جاتا رہتا ہے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1023)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 رمضان المبارک 1444ھ / 10 اپریل 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

36

جائے نماز میں مرد کا اعتکاف

سوال: کیا مرد جائے نماز میں اعتکاف کر سکتا ہے؟

USER ID: اسحٰق احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

مرد کا اعتکاف گھر میں یا جائے نماز یعنی جہاں مسجد کی نیت نہ کی گئی ہو وہاں نہیں ہو سکتا، مرد کے اعتکاف کے لئے مسجد شرط ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "مسجد میں اللہ کے لیے نیّت کے ساتھ ٹھہرنا اعتکاف ہے۔۔۔ مسجد جامع ہونا اعتکاف کے لیے شرط نہیں بلکہ مسجد جماعت میں بھی ہو سکتا ہے۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 1020)

عالمگیری میں ہے: "مساجد البیوت فانہ لا یجوز الاعتکاف فیھا الا للنساء" ترجمہ: مسجد بیت میں صرف عورتوں کا اعتکاف ہو سکتا ہے۔" (عالمگیری، جلد5، صفحہ 321)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک 1444ھ / 11 اپریل 2023ء

37

روزے میں تھوک نگلنا

سوال: روزے میں اگر تھوک زیادہ آتا ہو تو کیا تھوک باہر پھینکنا ضروری ہے؟

USER ID: مسرت

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

روزے میں اگر تھوک کو نگل لیا تو اس روزہ نہیں ٹوٹے گا، اگر تھوک زیادہ آتا ہو تو بار بار پھینکنا ضروری نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "بات کرنے میں تھوک سے ہونٹ تر ہو گئے اور اُسے پی گیا۔۔۔ روزہ نہ گیا۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 983)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک 1444ھ / 11 اپریل 2023ء

38 اعتکاف میں روزہ چھوڑ دیا

سوال: اگر کسی عذر کی وجہ سے روزہ نہ رکھا تو اعتکاف کا کیا حکم ہے؟

USER ID: محمد عالم نعیمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

سنت اعتکاف کے لئے روزہ رکھنا شرط ہے، اگر روزہ نہ رکھا اگرچہ کسی عذر کے سبب تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا اور ایک دن رات کے اعتکاف کی قضا کرنی ہوگی۔ بہار شریعت میں ہے: "اعتکافِ سنت یعنی رمضان شریف کی پچھلی دس تاریخوں میں جو کیا جاتا ہے، اُس میں روزہ شرط ہے، لہٰذا اگر کسی مریض یا مسافر نے اعتکاف تو کیا مگر روزہ نہ رکھا تو سنت ادا نہ ہوئی بلکہ نفل ہوا۔"
(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1022)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک 1444ھ / 11 اپریل 2023ء

39 غسل خانہ فنائے مسجد میں ہو تو

سوال: اگر غسل خانہ فنائے مسجد میں ہو تو معتکف فرض غسل کے علاوہ جا سکتا ہے؟

USER ID: حافظ نیاز

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر غسل خانہ فنائے مسجد میں ہو تو معتکف بلا تکلف وہاں جا سکتا ہے، اس کا اعتکاف نہیں ٹوٹے گا مگر غسل ضرورت کے تحت ہی کیا جائے مثلاً جسم میں بو ہو تو کرے یا جمعہ کے لئے، مسجد کا پانی بلا ضرورت استعمال کرنے سے بچے۔ فتاوی امجدیہ میں ہے: "فنائے مسجد جو جگہ مسجد سے باہر اس سے ملحق ضروریات مسجد کے لئے ہے، مثلاً جوتا اتارنے کی جگہ اور غسل خانہ وغیرہ ان میں جانے سے اعتکاف نہیں ٹوٹے گا۔" (فتاوی امجدیہ، جلد 1، صفحہ 399)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک 1444ھ / 11 اپریل 2023ء

40

معتکف کا مسجد میں تجارت کرنا

سوال: کیا معتکف مسجد میں تجارت کر سکتا ہے؟

USER ID: معظم محمود

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

معتکف مسجد میں تجارت کی نیت سے خرید و فروخت نہیں کر سکتا اگرچہ وہ چیز مسجد میں موجود نہ ہو البتہ اپنی یا گھر والوں کی ضرورت کی کوئی چیز مسجد میں خریدنا جائز ہے۔بہار شریعت میں ہے: "معتکف کو اپنی یا بال بچوں کی ضرورت سے مسجد میں کوئی چیز خریدنا یا بیچنا جائز ہے، بشرطیکہ وہ چیز مسجد میں نہ ہو یا ہو تو تھوڑی ہو کہ جگہ نہ گھیرے اور اگر خرید و فروخت بقصد تجارت ہو تو ناجائز اگرچہ وہ چیز مسجد میں نہ ہو۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1026)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک 1444ھ / 11 اپریل 2023ء

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلی آلک واصحابک یاحبیب اللہ

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

41 اعتکاف میں غسل کے لئے کمرے سے نکلنا

سوال: کیا عورت اعتکاف میں غسل کے لئے نکل کر دوسرے کمرے میں جا سکتی ہے جبکہ اس کمرے میں غسل خانہ نہ ہو؟

USER ID:حافظ ذیشان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر عورت پر غسل فرض ہو جائے تو وہ غسل خانے جا سکتی ہے اگرچہ دوسرے کمرے میں جانا پڑے جبکہ اس کمرے میں نہ ہو ورنہ اسی کمرے والے کو استعمال کرے، لیکن صرف ٹھنڈک یا بو دور کرنے کے لئے اسی کمرے میں بھی غسل خانہ ہو تو نہیں جا سکتی۔ در مختار میں ہے: "وحرم علیه الخروج الالحاجة الانسان" ترجمہ: معتکف کا حاجت انسانی کے علاوہ کسی کام کے لئے (مسجد / مسجد بیت) سے باہر نکلنا حرام ہے۔"

(در مع شامی، جلد 3، صفحہ 435)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک 1444ھ / 11 اپریل 2023ء

42

اعتکاف میں مسجد سے باہر جانے کی صورتیں

سوال: وہ کون سے کام ہیں جس کی وجہ سے معتکف مسجد سے باہر جا سکتا ہے؟

USER ID: عاطف مہران

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

معتکف دو صورتوں میں مسجد سے باہر جا سکتا ہے۔(1)حاجت طبعی (2)حاجت شرعی۔حاجت طبعی سے مراد مثلا فرض غسل یا استنجا یا وضو کرنے کے لئے جا سکتا ہے جبکہ ان چیزوں کی فنائے مسجد میں سہولت نہ ہو۔حاجت شرعی سے مراد اگر اس مسجد میں جمعہ یا نماز کی جماعت نہ ہوتی ہو تو شرائط کے ساتھ دوسری مسجد میں جمعہ یا نماز باجماعت کے لئے جانا جائز ہے۔ (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ / 13 اپریل 2023ء

43 مسجد بیت میں بچے کا ڈائپر بدلنا

سوال: کیا عورت اعتکاف میں مسجد بیت میں بچے کا ڈائپر بدل سکتی ہے؟

USER ID: انصار لطیف

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

عورت کو مسجد بیت میں رہتے ہوئے بچے کا ڈائپر بدلنا جائز ہے کیونکہ مسجد بیت کے احکام وقف مساجد کی طرح نہیں۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: "مسجد بیت کا حکم عام وقف شدہ مسجد کی طرح نہیں ہوتا۔۔۔اسی طرح ناپاک شخص بھی مسجد بیت میں داخل ہو سکتا ہے۔" (فتاوی اہلسنت، رمضان کے فتاوی، صفحہ 80)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ / 13 اپریل 2023ء

44

روزے کی نیت میں شک

سوال: اگر کوئی فورس کا بندہ یوں نیت کرے کہ کل آپریشن نہ ہوا تو روزہ ہے ورنہ نہیں؟

USER ID: عطاء اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزے میں نیت شرط ہے اور نیت دل کے پکے ارادے کو کہتے ہیں، اگر اس طرح نیت کی کہ کل کوئی آپریشن نہ ہوا تو روزہ ہے ورنہ نہیں تو یہ پختہ نیت نہیں، اس طرح روزہ نہیں ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: "یوں نیّت کی کہ کل کہیں دعوت ہوئی تو روزہ نہیں اور نہ ہوئی تو روزہ ہے یہ نیّت صحیح نہیں، بہر حال وہ روزہ دار نہیں۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 968)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ / 13 اپریل 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

45

افطار میں تاخیر

سوال: اگر کوئی شخص سو گیا ہو اور افطار کے کچھ دیر بعد اٹھے اور افطار کر لے تو روزہ ہو جائے گا؟

USER ID: غلام زینب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

افطار میں تعجیل یعنی غروب آفتاب ہوتے ہی جلد کر لینا افضل ہے بلا عذر تاخیر ناپسندیدہ ہے اور اگر کسی سبب سے تاخیر ہوئی مثلاً آنکھ لگ گئی تو کوئی حرج نہیں البتہ عصر کے بعد قصداً سونے سے حدیث میں منع کیا گیا ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "افطار میں جلدی کرنا مستحب ہے، مگر افطار اس وقت کرے کہ غروب کا غالب گمان ہو۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 998)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ / 13 اپریل 2023ء

46 نیت کرنے کے بعد وقت کے اندر کھانا پینا

سوال: اگر کسی سبب سے رات کو سحری کر کے سو گئے اور سحری کا وقت ختم ہونے سے پہلے آنکھ کھل گئی تو دوبارہ پانی پی سکتے ہیں؟

USER ID: شیخ عبد الاحد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

سحری کا وقت ختم ہونے سے پہلے پہلے کھانا پینا جائز ہے اگرچہ رات میں کسی بھی وقت نیت کر لی ہو۔ اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے: "وَ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا حَتّٰى یَتَبَیَّنَ لَكُمُ الْخَیْطُ الْاَبْیَضُ مِنَ الْخَیْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ۪-ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّیَامَ اِلَى الَّیْلِ"
ترجمہ: اور کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ تمہارے لئے ظاہر ہو جائے سفیدی کا ڈورا سیاہی کے ڈورے سے پو پھٹ کر پھر رات آنے تک روزے پورے کرو۔ (البقرہ:197)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ
ابوالبنات فراز عطاری مدنی
22 رمضان المبارک 1444ھ / 13 اپریل 2023ء

47

روزے میں ناک میں پانی چڑھایا تو دماغ میں پہنچا

سوال: روزے کی حالت میں غسل کے دوران ناک میں پانی چڑھایا تو دماغ تک پہنچ گیا تو کیا حکم ہے؟

USER ID: علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے کی حالت میں ناک میں پانی چڑھایا اور وہ دماغ تک پہنچ گیا تو اگر روزہ دار ہونا یاد ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: "ناک میں پانی چڑھایا اور دماغ کر چڑھ گیا روزہ جاتا رہا، مگر جبکہ روزہ ہونا بھول گیا ہو تو نہ ٹوٹے گا اگرچہ قصدا ہو۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 987)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ/13 اپریل 2023ء

48 گندم کی کٹائی کے وقت غبار حلق میں

سوال: گندم کی کٹائی کے وقت اگر غبار روزے کی حالت میں حلق میں چلا گیا تو روزے کا کیا حکم ہے؟

USER ID: شکیل احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر غبار خود بخود اندر چلا جاتا ہو اگرچہ کٹائی کی وجہ سے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ بہار شریعت میں ہے: "غبار حلق میں جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ خواہ وہ غبار آٹے کا ہو کہ چلی پیسنے یا چھاننے میں اڑتا ہے یا غلہ کا غبار ہو۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 982)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 رمضان المبارک 1444 ھ / 15 اپریل 2023ء

49

قے کے کچھ ذرات حلق سے نیچے

سوال: اگر روزے میں منہ بھر سے کم قے آئی اور کچھ ذرات حلق سے نیچے اتر گئے تو کیا حکم ہے؟

USER ID: اسامہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر منہ بھر سے کم قے ہوئی اور کچھ ذرات حلق سے اتر گئے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ فیضان رمضان میں ہے: "منہ بھر سے کم قے ہوئی اور منہ ہی سے دوبارہ لوٹ گئی یا خود ہی لوٹا دی، ان دونوں صورتوں میں روزہ نہیں ٹوٹے گا۔"

(فیضان رمضان، صفحہ 133)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 رمضان المبارک 1444ھ/15 اپریل 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

50 وضو کے بعد منہ میں تری

سوال: وضو کے بعد منہ میں جو تری رہ جاتی ہے کیا روزے میں اس کو تھوکنا ضروری ہے؟

USER ID:محمد ارشد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

کلی کرنے کے بعد پانی سارا پھینک دیا معمولی سی تری منہ میں باقی رہ گئی اور وہ حلق سے اتر گئی تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ فیضان رمضان میں ہے: ”کلی کی اور پانی بالکل پھینک دیا صرف کچھ تری منہ میں باقی رہ گئی تھی تھوک کے ساتھ اسے نگل لیا روزہ نہیں ٹوٹا۔“

(فیضان رمضان، صفحہ 136)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25 رمضان المبارک 1444ھ/16 اپریل 2023ء

51 مسجد میں غسل فرض ہو جائے

USER ID:حسنین

سوال: اگر مسجد میں غسل فرض ہو جائے تو کیا کریں؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر کسی پر مسجد میں غسل فرض ہو جائے تو جس جگہ ہے وہیں تیمم کر کے مسجد سے باہر ہو جائے اور جاکر غسل کرے البتہ مسجد میں ایسی جگہ لیٹا ہو کہ ایک قدم سے مسجد سے باہر فنائے مسجد یا خارج مسجد آجائے گا تو فوراً باہر آجائے۔ بہار شریعت میں ہے: ”مسجد میں سویا تھا اور نہانے کی ضرورت ہو گئی تو آنکھ کھلتے ہی جہاں سویا تھا وہیں فوراً تیمم کر کے نکل آئے تاخیر حرام ہے۔“ (بہار شریعت، جلد1، صفحہ352)

اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: ”ہاں جو شخص عین کنارہ مسجد میں ہو کہ پہلے ہی قدم میں خارج ہو جائے جیسے دروازے یا حُجرے یا زمین پیشِ حجرہ (یعنی حجرہ کے سامنے والی زمین) کے متصل سوتا تھا اور احتلام ہوا یا جنابت یاد نہ رہی اور مسجد میں ایک ہی قدم رکھا تھا، ان صورتوں میں فوراً ایک قدم رکھ کر باہر ہو جائے کہ اس خروج (یعنی نکلنے میں) میں مرور فی المسجد (یعنی مسجد میں چلنا) نہ ہو گا اور جب تک تیمم پورا نہ ہو بحال جنابت (یعنی جنابت کی حالت میں) مسجد میں ٹھہرنا رہے گا۔“ (فتاوی رضویہ، ج3، ص480)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25رمضان المبارک1444ھ/16اپریل 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

52 معتکف کا محرابِ مسجد میں جانا

سوال: کیا معتکف محراب میں جا سکتا ہے؟

USER ID:عبد الرحمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

معتکف کا محراب میں جانا جائز ہے اس سے اعتکاف نہیں ٹوٹے گا کیونکہ محراب کی جگہ مسجد ہی میں شامل ہوتی ہے، البتہ کسی مقام پر محراب میں مسجد یا فنائے مسجد کی نیت نہ ہو تو وہاں معتکف نہیں جا سکتا۔ وقار الفتاوی میں ہے: "محراب مسجد میں داخل ہے۔" (وقار الفتاوی، جلد2، صفحہ 652)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 رمضان المبارک 1444ھ/19 اپریل 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

53 ایک ملک میں چاند نظر آگیا تو روزہ

سوال: میں جس ملک میں ہوں وہاں عید کا چاند نظر آگیا ہے مگر میں رات میں پاکستان کے لئے روانہ ہو جاؤں گا اور وہاں کل روزہ ہے تو مجھے روزہ رکھنا ہو گا؟

USER ID:زاہد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر سحری کا وقت ختم ہونے سے پہلے آپ ایسے مقام پر مقیم ہوگئے (یعنی آپ کا سفر شرعی ختم ہو گیا) جہاں رمضان ہے تو روزہ رکھنا ہو گا۔ اللہ پاک فرماتا ہے: " فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ
ترجمہ: تو تم میں جو کوئی یہ مہینہ پائے ضرور اس کے روزے رکھے۔ (البقرہ:185)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29 رمضان المبارک 1444ھ 20 اپریل 2023ء

54

شوال کے روزے کب سے رکھیں

سوال: شوال کے روزے یا قضا کب سے شروع کر سکتے ہیں؟

USER ID: حسیب بزدار

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سال میں 5 روزے رکھنے جائز نہیں، عید الفطر کا پہلا دن اور 10 ذوالحجہ سے 13 ذوالحجہ تک۔ لہذا شوال کی دوسری تاریخ سے روزے رکھے جاسکتے ہیں۔ بدائع الصنائع میں ہے: "المکروہ ھو أن یصوم یوم الفطر، ویصوم بعدہ خمسۃ أیام، فأما إذا أفطر یوم العید ثم صام بعدہ ستۃ أیام: فلیس بمکروہ بل ھو مستحب وسنۃ" ترجمہ: مکروہ یہ ہے کہ عید الفطر کے دن روزہ رکھے اور اس کے بعد پانچ دن روزہ رکھے، بہر حال جب عید کے دن روزہ نہ رکھا پھر اس کے بعد چھ روزے رکھے پس یہ مکروہ نہیں ہے بلکہ یہ مستحب وسنت ہے۔ (بدائع الصنائع، جلد2، صفحہ 78)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29 رمضان المبارک 1444ھ 20 اپریل 2023ء

55

روزے میں ہمبستری

سوال: روزے میں شوہر نے بیوی سے ہمبستری کی تو کیا دونوں پر کفارہ لازم ہے؟

USER ID: محمد عبدل

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر روزے میں شوہر نے بیوی سے ہمبستری کی تو دونوں کا روزہ بھی ٹوٹ گیا اور دونوں پر کفارہ بھی لازم ہے، ہاں اگر شوہر نے مجبور (اکراہ شرعی) کیا یعنی جان سے مار ڈالنے یا عضو ضائع کر دینے یا سخت مار مارنے کی صحیح دھمکی دی اور بیوی نے مجبور ہو کر ساتھ دیا تو اس صورت میں بیوی پر کفارہ نہیں مگر ایسی صورت نادر ہوتی ہے، عموماً اکراہ شرعی نہیں ہوتا۔ بہار شریعت میں ہے: "مرد کو مجبور کر کے جماع کرایا یا عورت کو مرد نے مجبور کیا پھر اثنائے جماع میں اپنی خوشی سے مشغول رہا یا رہی تو کفّارہ لازم نہیں کہ روزہ تو پہلے ہی ٹوٹ چکا ہے۔ مجبوری سے مراد اکراہِ شرعی ہے، جس میں قتل یا عضو کاٹ ڈالنے یا ضرب شدید کی صحیح دھمکی دی جائے اور روزہ دار بھی سمجھے کہ اگر میں اس کا کہنا نہ مانوں گا تو جو کہتا ہے، کر گزرے گا۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 992)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 شوال المکرم 1444ھ 29 اپریل 2023ء

زکوۃ / فطرہ

56

پوتے کو فطرہ

سوال: کیا دادا اپنے پوتے کو فطرہ دے سکتا ہے؟

USER ID:خورشید رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوهاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

فطرہ انہی کو دیا جا سکتا ہے جن کو زکوۃ دی جا سکتی ہے اور چونکہ پوتے کو زکوۃ دینا جائز نہیں لہذا فطرہ دینا بھی ناجائز ہے۔ در مختار میں ہے: "وصدقة الفطر كالزكاة في المصارف" ترجمہ: اور صدقہ فطر کے مصارف زکوۃ والے ہی ہیں۔" (در مع شامی، جلد 1، صفحہ 379)

فتاوی رضویہ میں ہے: "نہ وہ اپنی اولاد میں ہے جیسے بیٹا، بیٹی، پوتا پوتی۔۔۔ الخ (انہیں زکوۃ نہیں دے سکتے)"۔
(فتاوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 113)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ
ابوالبنات فراز عطاری مدنی
19 رمضان المبارک 1444ھ/10 اپریل 2023ء

57 زکوۃ میں بے سلے کپڑے دینا

سوال: کچھ بے سلے کپڑے اگر زکوۃ میں دیے جائیں تو زکوۃ ادا ہو گی؟

USER ID: ام عبید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

مستحق زکوۃ کو بے سلے کپڑے زکوۃ کی نیت سے دیے تو ان کپڑوں کی موجودہ قیمت کے اعتبار سے زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ بدائع الصنائع میں ہے: "والاصل ان کل مال یجوز التصدق بہ تطوعا یجوز اداء الزکاۃ منہ" ترجمہ: اصل یہ ہے کہ ہر وہ مال جس کو نفلی صدقے کے طور پر دینا جائز ہے اس کے ذریعے زکوۃ دینا بھی جائز ہے۔"

(بدائع الصنائع، جلد2، صفحہ 41، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 رمضان المبارک 1444ھ / 10 اپریل 2023ء

58 گروی رکھی ہوئی چیز کی زکوۃ

سوال: گروی رکھی ہوئی چیز کی زکوۃ کا کیا حکم ہے اور اس کو چھڑانے کے بعد کیا حکم ہے؟

USER ID: شجاع رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو چیز گروی رکھی ہو اس کی زکوۃ نہ گروی رکھنے والے پر ہے نہ اس پر جس کے پاس گروی رکھی گئی اور رہن چھڑانے کے بعد پچھلے سالوں کی زکوۃ بھی واجب نہیں البتہ وہ چیز اگر اموال زکوۃ میں سے ہے تو واپس ملنے کے بعد نصاب کے سال کے اختتام پر اس کا شمار کرنا ہوگا۔ بہار شریعت میں ہے: "شے مرہون کی زکاۃ نہ مرتہن پر ہے، نہ راہن پر، مرتہن تو مالک ہی نہیں اور راہن کی ملک تام نہیں کہ اس کے قبضہ میں نہیں اور بعد رہن چھڑانے کے بھی ان برسوں کی زکاۃ واجب نہیں۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 877)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 رمضان المبارک 1444ھ / 10 اپریل 2023ء

59

فطرے میں چاول دینا

سوال: کیا چاول فطرے میں دے سکتے ہیں؟

USER ID: عبد الماجد مدنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

صدقہ فطر میں چاول دے سکتے ہیں مگر اس میں قیمت کا اعتبار ہو گا یعنی چاول 2 کلو میں 80 گرام کم (1920 گرام) گیہوں یا 4 کلو میں 160 گرام کم (3840 گرام) جو کی قیمت کے برابر ہو۔ بہار شریعت میں ہے: "ان چار چیزوں کے علاوہ اگر کسی دوسری چیز سے فطرہ ادا کرنا چاہے، مثلاً چاول، جوار، باجرہ یا اور کوئی غلّہ یا اور کوئی چیز دینا چاہے تو قیمت کا لحاظ کرنا ہو گا یعنی وہ چیز آدھے صاع گیہوں یا ایک صاع جَو کی قیمت کی ہو۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 939)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 رمضان المبارک 1444ھ / 10 اپریل 2023ء

60 زکوۃ کے پیسوں سے فلٹر پلانٹ لگانا

سوال: زکوۃ کے پیسوں سے مسجد کے باہر عوام کے لئے فلٹر پلانٹ لگانا کیسا؟

USER ID: محمد انس سعید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اولا تو یہ یاد رکھیں کہ رقم زکوۃ کی ہو یا اس کے علاوہ، مسجد میں فلٹر پلانٹ لگوانا کہ لوگ اس میں سے پانی بھریں یہ جائز نہیں کیونکہ مسجد کا پانی صرف نمازیوں کے لئے ہوتا ہے۔ زکوۃ کی رقم سے مسجد کے باہر فلٹر پلانٹ لگوایا تو اس سے زکوۃ ادا نہیں ہوگی کیونکہ زکوۃ کی رقم کا کسی مستحق کو مالک بنانا شرط ہے اور یہاں یہ شرط نہیں پائی جا رہی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: " زکوٰۃ کا رکن تملیکِ فقیر (یعنی فقیر کو مالک بنانا) ہے۔ جس کام میں فقیر کی تملیک نہ ہو، کیسا ہی کارِ حسن ہو جیسے تعمیرِ مسجد یا تکفینِ میت یا تنخواہِ مدرسانِ علمِ دین، اس سے زکوٰۃ نہیں ادا ہو سکتی۔ " (فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ 269)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 رمضان المبارک 1444ھ /10 اپریل 2023ء

61

غیر مسلم کو زکوۃ یا فطرہ دینا

سوال: کیا غیر مسلم کو زکوۃ یا فطرہ دے سکتے ہیں؟

USER ID:قاری نبیل نقشبندی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

غیر مسلم کو زکوۃ اور فطرہ نہیں دے سکتے، اگر کسی نے دی تو ادا نہیں ہو گی یہاں تک کہ کسی نے گمان غالب کر کے دی کہ یہ مستحق ہے اور بعد میں اس کا غیر مسلم ہونا ظاہر ہو گیا تو بھی ادا نہیں ہو گی اور زکوۃ دوبارہ دینی ہو گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "کافر کو زکوۃ دینے سے زکوۃ ادا نہیں ہو گی۔"

(ماخوذا: فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ290)

فیضان زکوۃ میں ہے: "اگر غالب گمان کے بعد زکوۃ دی تھی کہ مستحق ہے مگر بعد میں معلوم ہوا کہ وہ۔۔۔ حربی (کافر) تھا تو ادا نہ ہوئی۔"

(فیضان زکوۃ، صفحہ60)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک1444ھ /11 اپریل 2023ء

62 ایک شخص کا فطرہ چند لوگوں کو

سوال: ایک فطرہ ایک ہی دینا ضروری ہے یا چند افراد کو دے سکتے ہیں مثلا کھجور سے 2800 ہے تو کیا 500 ایک مستحق کو 1000 دوسرے مستحق کو دے سکتے ہیں؟

USER ID: مولانا عبد الماجد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایک شخص کا فطرہ ایک مستحق کو دینا ضروری نہیں بلکہ چند افراد میں بھی بانٹ سکتے ہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ ایک ہی کو دیا جائے۔ بہار شریعت میں ہے: "ایک شخص کا فطرہ ایک مسکین کو دینا بہتر ہے اور چند مساکین کو دے دیا جب بھی جائز ہے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 940)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک 1444ھ / 11 اپریل 2023ء

63

عید سے پہلے فطرہ ادا کرنا

سوال: میں نے رمضان کے پہلے عشرے میں فطرہ ادا کر دیا تھا اب کیا دوبارہ ادا کرنا ہو گا؟

USER ID: عبد الرحمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی نے رمضان میں یا رمضان سے پہلے بھی فطرہ ادا کر دیا تو جائز ہے اور اب دوبارہ فطرہ دینا ضروری نہیں۔ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ لکھتے ہیں: "صدقہ فطر ادا کرنے کا افضل وقت تو یہی ہے کہ عید کو صبح صادق کے بعد عید کی نماز ادا کرنے سے پہلے پہلے ادا کر دیا جائے، اگر چاند رات یا رمضان المبارک کے کسی بھی دن بلکہ رمضان شریف سے پہلے بھی اگر کسی نے ادا کر دیا تب بھی فطرہ ادا ہو گیا اور ایسا کرنا بالکل جائز ہے۔"

(فیضان رمضان مرمم، صفحہ 315)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک 1444ھ / 11 اپریل 2023ء

64

شوہر کو زکوۃ دینا

سوال: کیا بیوی اپنے شوہر کو زکوۃ دے سکتی ہے؟

USER ID: شاہ خالد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شوہر بیوی ایک دوسرے کو اپنی زکوۃ نہیں دے سکتے۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: ”بیوی اپنے شوہر کو زکوۃ نہیں دے سکتی اگر شوہر کو زکوۃ دی تو زکوۃ ادا نہیں ہو گی۔“
(فتاوی اہلسنت، احکام زکوۃ، صفحہ 435)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبــہ
ابوالبنات فراز عطاری مدنی
22 رمضان المبارک 1444ھ/13 اپریل 2023ء

65

سونے کی زکوۃ سونے سے

سوال: سونے کی زکوۃ اگر سونے سے دینی ہو تو ساڑھے سات تولہ سونا پر کتنی زکوۃ دینی ہو گی؟

USER ID: محمد ثوبان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

سونے چاندی کی زکوۃ سونے چاندی میں بھی دی جاسکتی ہے۔ اگر سونے کی زکوۃ سونے سے دینا چاہیں تو ساڑھے سات تولہ سونے پر اس کا چالیسواں حصہ یعنی 0.1875 تولہ /2.187 گرام سونا دینا ہو گا۔ فیضان زکوۃ میں ہے: "اگر آپ سونے کی زکوٰۃ سونے کی صورت میں یا چاندی کی زکوٰۃ چاندی کی صورت میں دینا چاہتے ہیں تو اس کا بھی چالیسواں حصہ (یعنی 2.5٪) بطورِ زکوٰۃ دینا ہو گا ۔۔۔ لہٰذا ساڑھے سات تولے کی زکوٰۃ (2.5٪) تقریباً 2 گرام 187 ملی گرام سونا اور ساڑھے باون تولے چاندی کی زکوٰۃ (2.5٪) تقریباً 15 گرام 310 ملی گرام چاندی بنے گی۔" (فیضان زکوۃ، صفحہ 32)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ /13 اپریل 2023ء

66

ایڈوانس زکوۃ دینا

سوال: مجھ پر زکوۃ کچھ مہینوں بعد فرض ہوتی ہے اگر میں ابھی ایڈوانس زکوۃ دوں تو کیسا اور حساب کس اعتبار سے لگے گا؟

USER ID:نوید الرحمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایڈوانس زکوۃ دینا جائز ہے مگر اس میں ضروری ہے کہ زکوۃ دینے والا صاحب نصاب ہو اور نصاب کے سال کے اختتام پر بھی صاحب نصاب ہو۔جب نصاب کا سال مکمل ہو جائے یعنی جس دن زکوۃ فرض ہوتی ہے اس دن کی قیمت کا اعتبار کرتے ہوئے حساب کرے، اگر کم زکوۃ دی ہے تو بقیہ فورا ادا کر دے اور اگر زیادہ دی ہے تو اگلے سال میں اس کو شمار کر سکتا ہے۔بہار شریعت میں ہے: "مالک نصاب پیشتر سے چند سال کی بھی زکاۃ دے سکتا ہے، لہذا مناسب ہے کہ تھوڑا تھوڑا زکاۃ میں دیتا رہے، ختم سال پر حساب کرے، اگر زکاۃ پوری ہو گئی، فبہا اور کچھ کمی ہو، تو اب فورا دے دے، تاخیر جائز نہیں، نہ اس کی اجازت کہ اب تھوڑا تھوڑا کر کے ادا کرے، بلکہ جو کچھ باقی ہے، کل فورا ادا کر دے اور زیادہ دے دیا ہے، تو سال آئندہ میں مجرا کر دے۔"

(بہار شریعت، جلد1، صفحہ 891)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ/13 اپریل 2023ء

67 ایک ہی فرد سارے گھر والوں کا فطرہ دے

سوال: کیا ایک ہی شخص سارے گھر والوں کا فطرہ دے سکتا ہے؟

USER ID: مہر عدنان ظفر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر گھر والوں کی صراحتا یا دلالۃ اجازت ہو تو وہ اجازت لینے والا سب کا فطرہ ادا کر سکتا ہے۔ صراحتا اجازت کا مطلب یہ ہے کہ سب سے کہا ہو کہ میں آپ کا فطرہ ادا کر دوں گا اور کسی نے انکار نہ کیا ہو۔ دلالۃ کا مطلب یہ ہے کہ ہر سال یہی ادا کرتا ہے اور سب کو پتا ہے کہ یہی ادا کرے گا تو بھی جائز ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "قربانی وصدقہ فطر عبادت ہے اور عبادت میں نیت شرط ہے تو بلا اجازت ناممکن ہے۔ ہاں اجازت کے لئے صراحۃ ہونا ضروری نہیں دلالت کافی ہے۔ مثلاً زید اس کے عیال میں ہے اس کا کھانا پہننا سب اس کے پاس سے ہوتا ہے۔ یا یہ اس کا وکیل مطلق ہے۔ اس کے کاروبار کیا کرتا ہے۔ ان صورتوں میں ادا ہو جائے گی۔" (فتاوی رضویہ، جلد 20، صفحہ 453)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ / 13 اپریل 2023ء

68

فطرہ ایک ہی شخص کو دینا

سوال: کیا ایک ہی شخص کو سارے گھر والوں کا فطرہ دے سکتے ہیں؟

USER ID:وقار الحسان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایک ہی شخص کو سارے گھر والوں کا فطرہ دینا جائز ہے۔بہار شریعت میں ہے:"یوہیں ایک مسکین کو چند شخصوں کا فطرہ دینا بھی بلاخلاف جائز ہے اگرچہ سب فطرے ملے ہوئے ہوں۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ940)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 رمضان المبارک1444ھ /15 اپریل 2023ء

69 امام مسجد کو زکوۃ یا فطرہ دینا

سوال: کیا مسجد کے امام صاحب کو زکوۃ یا فطرہ دے سکتے ہیں؟

USER ID: محمد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر امام صاحب مستحق زکوۃ ہوں تو انہیں زکوۃ اور فطرہ دینا جائز ہے اور اگر وہ عالم ہوں تو ان کو دینا افضل ہے البتہ یہ زکوۃ اور فطرہ تنخواہ میں شمار نہیں ہوگا۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: "اگر مؤذن صاحب، عالم صاحب یا مبلغ صاحب فقیر شرعی ہوں اور سید نہ ہوں تو ان کو زکوۃ اور فطرہ دے سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ دینا تنخواہ کے طور پر نہ ہو کہ کسی بھی قسم کی تنخواہ کی مد میں زکوۃ کی رقم ادا نہیں کی جاسکتی۔" (فتاوٰی اہلسنت، احکام زکوۃ، صفحہ 398)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ
ابوالبنات فراز عطاری مدنی
24 رمضان المبارک 1444ھ / 15 اپریل 2023ء

70 گھر میں پالنے کے لئے پرندے ہوں تو زکوۃ

سوال: گھر میں پالنے کے لئے جو پرندے ہیں ان پر زکوۃ ہو گی؟

USER ID: احمد اسحاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو پرندے پالنے کے لئے خریدے ہیں بیچنے کی نیت سے نہیں خریدے تو ان پر زکوۃ نہیں کہ یہ مال تجارت نہیں۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: "فارمنگ کے لئے خریدی گئی مرغیاں ان سے حاصل ہونے والے انڈے اور چوزے مال تجارت نہیں لہذا ان پر زکوۃ نہیں۔ کیونکہ کسی بھی چیز کے مال تجارت ہونے کے لئے ضروری ہے کہ اسے تجارت کی نیت سے خریدا گیا ہو۔"

(فتاوی اہلسنت، احکام زکوۃ، صفحہ 583)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25 رمضان المبارک 1444ھ/16 اپریل 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

71

نابالغ کو فطرہ دینا

سوال: کیا نابالغ کو فطرہ دے سکتے ہیں؟

USER ID: گنہگار حنان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

نابالغ کا والد اگر مستحق زکوۃ نہیں ہے تو نابالغ کو فطرہ نہیں دے سکتے ہیں۔ بہار شریعت میں ہے: ”غنی مرد کے نابالغ بچے کو بھی نہیں دے سکتے۔۔الخ“

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 929)

بہار شریعت میں ہے: ”صدقہ فطر کے مصارف وہی ہیں جو زکاۃ کے ہیں۔“ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 940)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

28 رمضان المبارک 1444ھ/19 اپریل 2023ء

72 مہمان کا فطرہ

سوال: مہمان کا فطرہ کیا میزبان پر واجب ہے؟

USER ID: ارسلان عاشق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مہمان کا فطرہ میزبان پر واجب نہیں، اگر میزبان پر صدقہ فطر واجب ہے تو خود ادا کرے گا البتہ مہمان کی اجازت سے میزبان دینا چاہے تو جائز ہے، ادا ہو جائے گا۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "عید پر آنے والے مہمانوں کا صدقہ فطر میزبان ادا نہیں کرے گا اگر مہمان صاحب نصاب ہیں تو اپنا فطرہ خود ادا کریں گے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 296)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 رمضان المبارک 1444ھ / 19 اپریل 2023ء

73

برتنوں پر زکوۃ

سوال: گھر کے اندر اضافی برتن ہوتے ہیں جو ایسے ہی پڑے رہتے ہیں کیا ان پر زکوۃ فرض ہو گی؟

USER ID:ناصر الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

ایسے برتن جو بیچنے کی نیت سے نہیں خریدے گئے ان پر زکوۃ فرض نہیں۔ سونے چاندی کے علاوہ گھر میں موجود اضافی برتن جو فقط مہمانوں کے لئے ہوتے ہیں یا ڈیکوریٹ کیے ہوئے ہوتے ہیں ان پر زکوۃ نہیں البتہ ان کی اپنی موجودہ مالیت یا حاجت اصلیہ کے علاوہ دیگر اشیاء کی مالیت کے ساتھ ان برتنوں کی مالیت ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر ہو جاتی ہے تو ایسا بندہ زکوۃ لے نہیں سکتا۔ بہار شریعت میں ہے: "استعمال کے برتن اس قسم کی چیزیں کتنی ہی قیمت کی ہوں ان کی وجہ سے عورت غنی نہیں، دوسری وہ چیزیں جو حاجتِ اصلیہ سے زائد ہیں زینت کے لیے دی جاتی ہیں جیسے زیور اور حاجت کے علاوہ اسباب اور برتن اور آنے جانے کے بیش قیمت بھاری جوڑے، ان چیزوں کی قیمت اگر بقدر نصاب ہے عورت غنی ہے زکاۃ نہیں لے سکتی۔" (بہار شریعت، ج1، ص930)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 رمضان المبارک 1444ھ/19 اپریل 2023ء

74

رخصتی سے پہلے عورت کا فطرہ

سوال: لڑکی کا نکاح ہوا رخصتی نہیں ہوئی تو اس کا فطرہ کس پر ہے؟

USER ID: عاشق حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

بالغہ لڑکی صاحب نصاب ہو تو اس کا فطرہ نہ باپ پر واجب ہے نہ شوہر پر بلکہ اسی لڑکی پر واجب ہے البتہ اس کی اجازت سے کوئی دینا چاہے تو دے سکتا ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: ”خورد سال بچے کا صدقہ فطر اس کے باپ پر ہے، اور عورت کا نہ باپ پر نہ شوہر پر، صاحب نصاب ہوتی تو اس کا صدقہ اسی پر ہوتا ہے۔“
(فتاوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 300)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ
ابوالبنات فراز عطاری مدنی
29 رمضان المبارک 1444ھ 20 اپریل 2023ء

75

عشر مالک پر یا کاشت کار پر

سوال: اگر زمین ٹھیکے پر دی ہے تو پیداوار پر زکوۃ زمین کا مالک دے گا یا کاشت کار؟

USER ID:قاری عادل

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس نے زمین ٹھیکے پر لی ہے وہی پیداوار پر عشر دے گا، مالک کے ذمے عشر نہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "صاحبین کا مذہب یہ ہے کہ عشر صرف کاشتکار پر ہے اس پر فتوٰی دینے میں کوئی حرج نہیں بلکہ ان ملکوں میں جہاں اُجرت میں نقدی ٹھہری ہوتی ہے وہاں اسی پر فتوٰی ہونا چاہیئے۔"
(فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ 203)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی
08 شوال المکرم 1444ھ 29 اپریل 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن
الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی

76 تنخواہ کی مد میں عشر دینا

سوال: کیا تنخواہ کی مد میں عشر کی رقم دے سکتے ہیں؟

USER ID: مہر محسن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

عشر کی رقم تنخواہ کی مد میں نہیں دے سکتے اگر دیے تو عشر ادا نہیں ہو گا۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: "واضح رہے کہ (زکوۃ / عشر) دینا تنخواہ کے طور پر نہ ہو کہ کسی بھی قسم کی تنخواہ کی مد میں زکوۃ (یا عشر) کی رقم ادا نہیں کی جا سکتی۔" (فتاوی اہلسنت، کتاب الزکوۃ، صفحہ 398)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

11 شوال المکرم 1444ھ 02 مئی 2023ء

حج / عمرہ

77

شوال میں عمرہ

سوال: شوال میں عمرہ کرنا کیسا؟

USER ID: مولانا نشار احمدی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شوال چونکہ حج کے مہینوں میں سے ہے لہذا غیر آفاقی اگر اس سال حج کا ارادہ رکھتا ہے تو اس کے لئے شوال میں عمرہ کرنا جائز نہیں کیونکہ غیر آفاقی صرف حج افراد کر سکتا ہے، آفاقی کے لئے شوال میں عمرہ کی کوئی ممانعت نہیں۔ عنایہ میں ہے: "اعلم ان اھل مکۃ و من داخل المیقات لا تمتع لھم ولا قران عند ابی حنیفۃ و اصحابہ۔۔۔ لو تمتعوا جاز و اساؤا و لزمھم دم الجبر" ترجمہ: جان لو کہ مکی (حقیقی) اور حل میں رہنے والے کے لئے تمتع اور قران نہیں ہے امام اعظم اور ان کے اصحاب کے نزدیک۔۔ اگر انہوں نے تمتع کیا تو حج ہو جائے گا مگر برا کیا اور دم لازم ہو گا۔ (عنایہ، جلد 2، صفحہ 86)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

78

حج کی فرضیت

سوال: حج کب فرض ہوتا ہے یہ ارشاد فرمادیں؟

USER ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

حج فرض ہونے کی چند شرائط ہیں، جب یہ ساری پائی جائیں تو حج فرض ہو گا ورنہ نہیں۔ (1) مسلمان ہونا (2) بالغ ہونا (نابالغی میں حج کیا تو فرض حج ادا نہ ہوا) (3) عاقل ہونا (مجنون پر حج فرض نہیں) (4) اتنا تندرست ہو کہ حج پر جاسکے، اعضاء سلامت ہوں، آنکھ والا ہو۔ اگر معذور ہے یا فالج زدہ ہے یا پاؤں کٹا ہوا ہے یا ایسا بوڑھا جو سواری پر خود نہ بیٹھ سکتا ہو ان پر حج فرض نہیں۔ ان افراد نے اگر حج کیا تو فرض ادا ہو جائے گا۔ (5) سفر حج اور رہائش کا خرچ اس کی ملکیت میں ہو (آج کل جو سرکاری اعلان ہوتا ہے اتنی رقم کا مالک ہو) (6) وقت (حج کے مہینوں میں یہ تمام شرائط پائی جائیں، فی زمانہ جن مہینوں میں حکومتی اعلان ہوتا ہے اگر ان مہینوں میں شرائط پائی گئیں تو حج فرض ہو گا)۔ (ماخوذ از: بہار شریعت، جلد 1، حج کا بیان)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

نکاح

79

چچا کے انتقال کے بعد چچی سے نکاح

سوال: چچا کے انتقال کے بعد چچی سے نکاح کرنا کیسا؟

USER ID: محمد عرفان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

چچا کے انتقال کے بعد چچی سے نکاح کرنا جائز ہے جبکہ حرمت کی کوئی اور وجہ مثلا رضاعت (دودھ کا رشتہ) یا مصاہرت (مثلا سسرالی رشتہ) نہ ہو۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "(چچی سے نکاح) درست ہے۔ دلیل اس کی قول اللہ عزوجل ہے: واحل لکم ماوراء ذلکم (محرمات کے علاوہ عورتیں تمھارے لیے حلال کی گئی ہیں) کہ حرام عورتوں کو شمار فرما کر ارشاد ہوا ان کے سوا عورتیں تمھارے لیے حلال ہیں، حرام عورتوں میں چچی کو نہ شمار فرمایا نہ شرح میں کہیں اس کی تحریم آئی تو ضرور وہ حلال عورتوں میں سے ہے۔"

(فتاوی رضویہ، جلد 11، صفحہ 334)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک 1444ھ / 11 اپریل 2023ء

قسم

80

میں قسم کھاتا ہوں سے قسم

سوال: اگر کوئی یوں قسم کھائے کہ میں قسم کھاتا ہوں کہ فلاں کی شادی میں نہیں جاؤں گا تو کیا قسم منعقد ہو جائے گی؟

USER ID: ابو القاسم علی حیدر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

معلوم کی گئی صورت میں قسم منعقد ہو جائے گی کیونکہ یہ الفاظ "میں قسم کھاتا ہوں" الفاظ قسم ہی ہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "ان الفاظ سے بھی قسم منعقد ہو جاتی ہے حلف کرتا ہوں، قسم کھاتا ہوں۔۔الخ"
(بہار شریعت، جلد2، صفحہ 301)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ
ابو البنات فراز عطاری مدنی
05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

جائز و ناجائز

81

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو پیر کہنا

سوال: کیا نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو پیر و مرشد کہہ سکتے ہیں؟

USER ID: محمد عاقب

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

مرشد کا معنی ہے راہ دکھانے والا اور مخلوق میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کوئی راہ دکھانے والا نہیں لہذا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مرشد کہنا جائز ہے البتہ ہمارے ہاں مستعمل نہیں۔ اعلی حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "اولیاء کرام فرماتے ہیں کہ پوری کائنات میں مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم جیسا نہ کوئی پیر ہے اور نہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ جیسا کوئی مرید۔" (فتاوی رضویہ، جلد 11، صفحہ 326)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک 1444ھ / 11 اپریل 2023ء

82

جعلی ڈگری سے حاصل ہونے والی نوکری

سوال: اگر کوئی جعلی ڈگری سے نوکری حاصل کرے تو آمدنی کا کیا حکم ہے؟ USER ID: شاہ بابر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جعلی ڈگری بنوانا، اس کے لئے پیسے دینا اور اس ڈگری سے نوکری حاصل کرنا جھوٹ، دھوکہ اور رشوت ہونے کی وجہ سے ناجائز و حرام ہے، لہذا اس سے توبہ کرنا لازم ہے، البتہ کسی نے اس ڈگری کے ذریعے جائز نوکری حاصل کرلی اور وہ اجارے کی شرائط کے مطابق اپنا کام درست انداز میں کرتا ہے تو اس کی آمدنی حلال ہے۔ بعض کام ایسے ہیں جس میں ڈگری ہی اہلیت کی ضمانت ہوتی ہے مثلاً ڈاکٹر یا مفتی، تو ایسے افراد جن میں سرے سے اہلیت ہی نہیں ان کے کام کو ناقص ہی کہا جائے گا اور ان کی آمدنی حلال نہیں ہوگی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "بہر حال نفس اجرت کہ کسی فعل حرام کے مقابل نہ ہو حرام نہیں۔" (فتاوی رضویہ، جلد19، صفحہ 501)

مفتی علی اصغر صاحب لکھتے ہیں: "ایک آپریشن وہ ہے جو ایک مستند ڈاکٹر اپنے علم کی بنیاد پر نہ جانے کتنی چیزوں کو ملحوظ رکھ کر کرے گا جبکہ ایک اَتائی ڈاکٹر محض ایک قصاب کی طرح چیر پھاڑ کرے گا، دیکھنے میں دونوں کا کام ایک ہے اور اتائی ڈاکٹر بھی یہی کہے گا کہ میں نے بھی یہی کام کیا ہے جو ایک مستند ڈاکٹر کرتا ہے تو یہ درست نہیں اور اس کی روزی اور تنخواہ کو ہرگز حلال نہیں کہا جاسکتا۔"

(ماہنامہ فیضان مدینہ، اکتوبر 2021)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ / 13 اپریل 2023ء

83 پیر صاحب یا عالم دین کے ہاتھ چومنا

سوال: پیر صاحب یا عالم دین کے ہاتھ چومنا کیسا؟

USER ID: برکت علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جامع شرائط پیر اور عالم دین کے ہاتھ چومنا جائز بلکہ مستحب ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "ہاں جائز ہے بلکہ مستحب و مندوب و مسنون و محبوب ہے جبکہ بہ نیت صالحہ محمودہ ہو۔" (فتاوی رضویہ، جلد22، صفحہ 236)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 رمضان المبارک 1444ھ / 15 اپریل 2023ء

84 فوتگی کے بعد پہلی عید

سوال: جس کے گھر میں فوتگی ہوئی ہو کیا وہ پہلی عید نہیں منا سکتے؟

USER ID: محمد ذیشان عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اسلام میں کسی کے انتقال پر 3 دن سے زیادہ سوگ کرنے کی اجازت نہیں اوراس سے مراد یہ نہیں کہ سوگ بہر صورت منایا ہی جائے، اگر کسی نے نہ منایا اور عید کے لئے نئے کپڑے وغیرہ لئے تو شرعا کوئی حرج نہیں۔ البتہ عورت کے لئے لازم ہے کہ وہ 4 ماہ 10 دن شوہر کی وفات پر سوگ منائے اور عدت کی پابندیوں میں رہے، لیکن اس کو بھی زینت ممنوع ہے، کسی کو عید مبارک کہنا یا محارم سے ملنا ممنوع نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "تین دن سے زیادہ سوگ جائز نہیں مگر عورت شوہر کے مرنے پر چار مہینے دس دن سوگ کرے۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 855)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 رمضان المبارک 1444ھ / 15 اپریل 2023ء

85

بکری کتیا کا دودھ پی لے

سوال: بکری اگر کتیا کا دودھ پی لے تو اس بکری کا گوشت کھانا کیسا؟

USER ID: عبد اللہ نجم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر بکری نے بچپن میں کتیا کا دودھ پیا اور اب چارا وغیرہ کھاتی ہے تو اس کا گوشت کھانا بغیر کراہت کے جائز ہے، اسی طرح اگر اس کا دودھ چھڑا کر کسی حلال جانور کا دودھ پلایا یا چارا شروع کروادیا تو بھی حلال ہے اور اگر کتیا کا دودھ پینے کے ایام میں ذبح کیا تو صحیح قول کے مطابق مکروہ تنزیہی ہے یعنی بچنا بہتر اور کھایا تو گناہ بھی نہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "اگر ایسا سیانا ہو گیا کہ دودھ چھٹے کچھ مدت گزری، جب تو بالاتفاق بلاکراہت حلال ہے۔ یونہی دودھ پیتے کو چند روز اس دودھ سے جدا رکھ کر حلال جانور کا دودھ یا چارا دیا، اور اس کے بعد ذبح کیا جب بھی بالاتفاق بے کراہت حلال ہے۔ اور اگر اسی حالت میں ذبح کرلیا تو اس کا کھانا مکروہ ہے۔ اس صورت میں کراہت بھی محل نزاع نہیں، ہاں اس میں اختلاف ہے کہ یہ کراہت تنزیہی ہے یعنی کھانا بہتر نہیں، اور کھالے تو گناہ نہیں، یا تحریمی یعنی کھانا ناجائز و گناہ ہے۔۔۔ اور شک نہیں کہ وہی (پہلا قول) اقوی من حیث الدلیل ہے۔"

(فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ 254)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 رمضان المبارک 1444ھ/19 اپریل 2023ء

86 عدت میں چوڑیاں توڑنا

سوال: عورت بیوہ ہو جائے تو اس کی چوڑیاں تڑوا دینا کیسا؟

USER ID: ابن ظفر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

طلاق بائنہ یا وفات کی عدت میں عورت پر سوگ کرنا واجب ہے اور دوران سوگ زینت کرنا ناجائز ہے، اسی وجہ سے کسی قسم کا زیور پہننا اس کے لئے جائز نہیں، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ عورت کے زیوارت وغیرہ تڑوا دیے جائیں بلکہ ان کو توڑنا یا تڑوانا اسراف ہے جو کہ ناجائز و گناہ ہے۔ بخاری شریف کی حدیث پاک ہے: ”ان اللہ کرہ لکم ثلاثا قیل و قال و اضاعۃ المال و کثرۃ السؤال“ ترجمہ: بے شک اللہ پاک تمہارے تین کاموں کو ناپسند فرماتا ہے۔ (1) فضول باتیں (2) مال ضائع کرنا (3) بہت زیادہ سوال کرنا۔ (بخاری، حدیث 1477)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

87

قبر میں عہد نامہ

سوال: قبر میں عہد نامہ رکھنے کی کیا دلیل ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

قبر میں متبرک اشیاء کا رکھنا اور کفن پر مقدس تحریرات لکھنا جائز بلکہ اچھا ہے اور یہ احادیث و آثار سے ثابت ہے البتہ تحریر بغیر روشنائی (انک) کے لکھنی چاہیے۔ کئی دلائل ہیں، ایک روایت ملاحظہ ہو۔ "معمر بن عبد اللہ نے ہمیں خبر دی کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے انتقال کے قریب حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے اپنے غسل کے لیے پانی رکھوا دیا پھر نہائیں اور کفن منگا کر پہنا اور حنوط کی خوشبو لگائی پھر مولیٰ علی کو وصیت فرمائی کہ میرے انتقال کے بعد کوئی مجھے نہ کھولے اور اسی کفن میں دفن فرما دی جائیں۔ میں نے پوچھا کسی اور نے بھی ایسا کیا؟ کہا: ہاں کثیر بن عباس نے اور انہوں نے اپنے کفن کے کناروں پر لکھا تھا کہ کثیر بن عباس گواہی دیتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔" (مصنف عبد الرزاق، جلد 3، صفحہ 411)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی
05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

88

شوہر کی اجازت سے آئی برو

سوال: کیا عورت شوہر کی اجازت سے آئی برو بنا سکتی ہے؟

USER ID: رشی مشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

ابرو بنوانا ناجائز اور گناہ ہے اور حدیث پاک میں ایسی عورتوں پر لعنت کی گئی ہے اور جس کام کی شرعا ممانعت ہو وہ کام نہ شوہر کے کہنے پر کر سکتے ہیں نہ ہی والدین کے کہنے پر کیونکہ اللہ ورسول کا حکم ساری مخلوق پر مقدم ہے اور اللہ پاک کی نافرمانی والے کام میں کسی کی اطاعت جائز نہیں۔ شوہر کے لئے بھی وہی زینت اختیار کرنے کی اجازت ہے جس کی شرعا اجازت ہو۔ بخاری شریف میں ہے: "لعن الله الواشمات و الموتشمات و المتنمصات و المتفلجات للحسن المغيرات خلق الله" ترجمہ: اللہ پاک کھال گودنے اور گودوانے والی، بال اکھاڑنے والی، خوبصورتی کے لئے دانتوں میں مصنوعی فاصلہ بنانے والی اور اللہ پاک کی تخلیق کو بدلنے والی پر لعنت فرماتا ہے۔ (بخاری، صفحہ 1234)

بخاری شریف میں ایک پورا باب ہے "ما تطيع المرآة زوجها فى معصية" یعنی بیوی گناہ کے کام میں اپنے شوہر کی اطاعت نہ کرے۔

(بخاری، کتاب النکاح، باب لا تطیع المرآۃ زوجھا فی معصیہ، صفحہ 1327، دار ابن کثیر)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلی آلک واصحابک یا حبیب اللہ

AL RAZA QURAN-O-FIQH ACADEMY

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

89

بے حساب بخشش کی دعا

سوال: بے حساب بخشش کی دعا کرنا کیسا؟

USER ID: نصیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بے حساب بخشش کی دعا کرنا بالکل جائز ہے اور حدیث پاک سے ثابت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابی کے کہنے پر ان کے لئے بے حساب بخشش کی دعا کی۔ بخاری شریف میں ہے کہ جب نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو بے حساب بخشے جانے والوں کے بارے میں بتایا تو: "فقام الیہ عکاشۃ بن محصن فقال ادع اللہ ان یجعلنی منھم قال اللھم اجعلہ منھم۔۔ الحدیث" ترجمہ: عکاشہ بن محصن کھڑے ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے لئے دعا فرمائیں کہ میں ان (بے حساب بخشے جانے والوں) میں شامل ہو جاؤں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی یا اللہ اسے ان میں سے کر دے۔ (بخاری، حدیث 6541)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

90

بگلا حلال ہے

سوال: کیا بگلا حلال ہے؟

USER ID: باغ مدینہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بگلا حلال پرندہ ہے اس لئے کہ پرندوں کے حلال ہونے کے بارے میں قاعدہ یہ ہے کہ جن پرندوں کے پنجے نہیں یا پنجے ہیں مگر وہ ان سے شکار نہیں کرتے وہ حلال ہیں۔ اسی طرح ایک قاعدہ یہ بھی ہے کہ جن پرندوں کی چونچ سیدھی ہو کوے کے علاوہ سب حلال ہیں۔ بگلے کی چونچ بھی سیدھی ہے اور وہ پنجے سے شکار کرکے نہیں کھاتا۔ مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ سے بگلے اور چند پرندوں کے بارے میں سوال ہوا تو فرمایا: "سب حلال ہیں۔"
(فتاوی مفتی اعظم ہند، جلد 5، صفحہ 109)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

91 بانڈز کی خرید وفروخت

سوال: بانڈز کی خرید وفروخت کرنا کیسا؟

USER ID: عاشی عاشر اعوان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

بانڈز کی خرید وفروخت شرعا جائز ہے اور اس کا انعام لینا بھی جائز ہے البتہ ایسا بانڈ جس میں بانڈ کی حیثیت محض قرض کی ہو اور اس پر نفع دیا جاتا ہو اس کی خرید و فروخت ناجائز ہے اور اس کا انعام یا فکس نفع بھی سود ہے۔ماہنامہ فیضان مدینہ میں ہے: "پریمئیم پرائز بانڈ ایک سودی بانڈ ہے جو کہ محض ایک سودی اکاؤنٹ میں جمع کردہ قرض کی رسید ہے۔۔۔ پریمئیم بانڈ پر ششماہی ملنے والا نفع اور ہر 3 ماہ پر بذریعہ قرعہ اندازی بنام انعام ملنے والا نفع دونوں ہی خالصتاً سود ہیں اسی لئے پریمئیم بانڈ خریدنا، بیچنا ناجائز و حرام اور کبیرہ گناہ ہے۔"

(ماہنامہ فیضان مدینہ، جون 2017)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

92

بوسکی کپڑا پہننا

سوال: بوسکی کپڑا پہننا کیسا؟ USER ID:شاہد رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شرعی اعتبار سے مرد کو ریشم کا کپڑا پہننا حرام ہے اور ریشم سے مراد وہ کپڑا ہے جو ریشم کے کیڑوں سے حاصل ہونے والے تار سے بنایا جاتا ہے۔ سوال میں جس کپڑے کا ذکر ہے وہ اور اس کے علاوہ دیگر برانڈز جو مارکیٹ میں ریشمی کپڑے کہلاتے ہیں عوام نے ان کپڑوں کی نرمی اور نزاکت کی وجہ سے انکو ریشم سمجھ لیا ہے لیکن ان کپڑوں میں اصلی ریشم نہیں ہوتا بلکہ ان میں پولیسٹر ہوتا ہے یا پھر ریڈیم کی ملاوٹ کر کے اسکو چمکدار بنایا جاتا ہے جس سے وہ ریشم کی طرح لگتا ہے، یہ ہماری تحقیق ہے اگر حقیقتا ایسا ہی ہے تو اس کا استعمال جائز ہے مگر پھر بھی اس سے بچنا بہتر ہے تا کہ لوگ بد گمان نہ ہوں۔ فتاوی امجدیہ میں ہے: "اگر یہ چینا سلک نقلی ریشم ہو تو جائز ہو گا جو لوگ اس کے ماہر ہیں وہ شناخت کر سکیں گے کہ یہ اصلی ریشم ہے بہر حال اگر اسکا نقلی ہونا ثابت ہو جائے تو حرام نہ ہو گا پھر بھی احتیاط چاہیے اگرچہ حرام نہ ہو مگر لوگوں کو بد گمانی کا موقع ہے اور ایسے امور سے پرہیز چاہیے۔" (فتاوی امجدیہ، جلد4، ص64)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

06شوال المکرم1444ھ27اپریل 2023ء

93 والد کی دوائیں استعمال کرنا

سوال: والد کو صحت کارڈ پر مفت دوائیں ملی ہیں وہ استعمال نہیں کرتے کیا کوئی اور استعمال کر سکتا ہے؟

USER ID: طالب جان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

صحت کارڈ پر ملنے والی دوائیں تحفہ ہیں اور تحفے پر جب موہوب لہ (جس کو تحفہ دیا گیا) کا قبضہ تام ہو جائے تو اب اس کی اجازت سے کوئی بھی استعمال کر سکتا ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "ہبہ تمام ہونے کے لیے قبضہ کی بھی ضرورت ہے بغیر اس کے ہبہ تمام نہیں ہوتا۔"

(بہار شریعت، جلد 2، صفحہ 71)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

94 جانوروں کی حرمت کا قاعدہ

سوال: حلال اور حرام جانوروں کے بارے میں قاعدہ کیا ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

زمینی جانوروں کے حلال یا حرام ہونے کے بارے میں قرآن و حدیث سے اخذ کردہ قاعدہ یہ ہے کہ وہ تمام جانور جن میں بہنے والا خون نہیں جیسے حشرات الارض وہ حرام ہیں، اسی طرح وہ تمام جانور جن میں بہنے والا خون ہو ان میں سے نوکیلے دانت والے جو ان سے شکار بھی کرتے ہوں وہ حرام ہیں اور جو نوکیلے دانت والے نہیں یا نوکیلے دانت والے تو ہیں مگر ان سے شکار نہیں کرتے وہ حلال ہیں، وہ مویشی جن کا حرام ہونا شریعت میں بیان نہیں ہوا وہ سب حلال ہیں جیسے اونٹ، گائے، بھیڑ بکری وغیرہ۔
(ماخوذا: فتاوی نوریہ، جلد3، صفحہ381)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی
05 شوال المکرم 1444ھ 26 اپریل 2023ء

95

عفان نام رکھنا

سوال: عفان نام رکھنا کیسا اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے والد کا ایمان ثابت ہے یا نہیں؟

USER ID:محبوب رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

عفان نام رکھنا بالکل جائز ہے اور اس نام کے صحابہ بھی گزرے ہیں، اگر صحابی رسول کے نام کی برکت لینا مقصود ہو یہ نام رکھنا کار ثواب ہے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے والد عفان کا ایمان ثابت نہیں۔ اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ باب العین و الفاء میں ہے: "عفان بن البجیر السلمی۔۔۔ من اصحاب رسول اللہ ﷺ۔۔۔ عفان بن حبیب" (اسد الغابہ، صفحہ 853)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 شوال المکرم 1444ھ 29 اپریل 2023ء

96

جانور کا مغز کھانا کیسا

سوال: جانور کا مغز کھانا کیسا؟

USER ID: فرحان احمد عباسی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حلال جانور کا مغز کھانا جائز ہے۔ اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے جانوروں کے جو حرام و ممنوع اجزا اشمار کروائے ہیں اس میں مغز کا ذکر نہیں، البتہ حرام مغز جو سفید ڈورے کی طرح ہوتا ہے جو بھیجے سے شروع ہو کر گردن کے اندر سے گزرتا ہوا پوری ریڑھ کی ہڈی میں آخر تک جاتا ہے وہ حرام ہے۔

(ملخصا: فیضان سنت، جلد 1، صفحہ 405 تا 408)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

09 شوال المکرم 1444ھ 30 اپریل 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز
آن لائن
الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی

97

بے فارم میں عمر چھوٹی لکھوانا

سوال: بے فارم میں عمر چھوٹی لکھوانا کیسا؟

USER ID:محمد امین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

بے فارم یا کسی بھی طرح کے کاغذات میں عمر یا دیگر کوائف غلط لکھوانا جائز نہیں کہ یہ جھوٹ اور دھوکہ ہے اور جھوٹ بولنا یا دھوکہ دینا گناہ ہے۔ حدیث پاک میں ہے: "من غشنا فلیس منا" ترجمہ: جس نے ہمارے ساتھ دھوکہ کیا وہ ہم میں سے نہیں۔ (مسلم، حدیث 101)

علامہ عبد الرؤوف مناوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "الغش ستر حال الشئی" ترجمہ: کسی چیز کی اصلی حالت کو چھپا دینا دھوکہ ہے۔
(فیض القدیر، جلد6، صفحہ 8879)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 شوال المکرم 1444ھ 02 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

98

عبد الرحمن کو رحمن بولنا

سوال: کسی کا نام عبد الرحمن ہو اس کو رحمن بولنا کیسا؟

USER ID: احسان الحق

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

عبد الرحمن کو رحمن کہنا حرام ہے کیونکہ اللہ پاک کے بعض صفاتی نام ایسے ہیں کہ اگر مخلوق میں سے کسی کا وہ نام ہو تو اس میں "عبد" کی اضافت ضروری ہے، بغیر "عبد" لگائے کسی کا وہ نام پکارنا یا لکھنا حرام ہے۔ رحمن بھی انہی ناموں میں سے ہے کیونکہ رحمن اس ذات کو کہتے ہیں جو حقیقی طور پر رحم کرنے والی ہو اور اس کی رحمت عام ہو اور ایسی رحمت صرف اور صرف اللہ پاک ہی کی ہو سکتی ہے۔ تفسیر الراغب الاصفھانی میں ہے: "فأما لفظة الرحمن فليس يطلق إلا لله كلفظة الله، فإنهما اسمان اختص بهما الباری جل و عزباتفاق" ترجمہ: بہر حال لفظ رحمن کا اطلاق لفظ اللہ کی طرح ہر گز کسی مخلوق پر نہیں ہو سکتا کیونکہ لفظ اللہ اور رحمن ایسے نام ہیں جو بالاتفاق اللہ پاک کے ساتھ خاص ہیں۔ (تفسیر الراغب الاصفھانی، جلد 1، صفحہ 50)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

11 شوال المکرم 1444ھ 02 مئی 2023ء

وراثت

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلیٰ آلک واصحابک یا حبیب اللہ

AL RAZA QURAN-O-FIQH ACADEMY

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

99 بیوی 2 بیٹے اور 1 بیٹی میں وراثت

سوال: ایک شخص کا انتقال ہوا اس نے ورثاء میں بیوی 2 بیٹے اور ایک بیٹی چھوڑی 12 لاکھ روپے کیسے تقسیم ہوں گے؟ نوٹ: مرحوم کے والدین پہلے فوت ہو چکے ہیں، قرض نہیں تھا نہ وصیت۔

USER ID: احمد رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر بیان کردہ معلومات درست ہیں تو کل مال کے 40 حصے ہوں گے جن میں سے 5 بیوہ کو، 7 بیٹی کو اور ہر بیٹے کو 14 حصے ملیں گے۔ بیوہ کو 12 لاکھ میں سے ایک لاکھ پچاس ہزار ملیں گے اور بیٹی کو دو لاکھ دس ہزار اور ہر بیٹے کو چار لاکھ بیس ہزار ملیں گے۔

مسئلہ از 8x5=40 میـــــــــــــــــــت

بیوی	بیٹی	2بیٹے
ثمن	عصبـــــــــــــــــــــــــہ	
1	7	
5	7	لکل:14

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 شوال المکرم 1444ھ 29 اپریل 2023ء

متفرق

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی

100

قلندر کا معنی

سوال: قلندر کا معنی کیا ہے؟

USER ID: کاشان یوسف زئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

قلندر کے مختلف معنی کئے گئے ہیں، چنانچہ مفتی فیض احمد اویسی رحمۃ اللہ علیہ نقل کرتے ہیں: "قلندر وہ ہے جو خلائق زمانہ سے ظاہری و باطنی تجربہ حاصل کرچکا ہو، شریعت و طریقت کا پابند ہو اور بحر وجود و شہود میں غرق رہتا ہو۔" (قلندر کی شرعی تحقیق، صفحہ 6)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

09 شوال المکرم 1444ھ 30 اپریل 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267